★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Web: www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 22 محرم الحرام 1447ھ، 18 جولائی 2025ء، 3 ساون 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 240

شہباز شریف

# غیر قانونی و کچی آبادیوں سے نکلنے والے سیوریج کیلئے واٹر ٹریٹمنٹ کا نظام جلد قائم کیا جائے

## پانی کی فراہمی اور مربوط نظام قائم کرنے کیلئے ٹاسک فورس کی تشکیل، ڈی اے بارش سے پانی سے زیر مین ذخیرہ کوری چارج کرنے کیلئے جامع لائحہ عمل پیش کرے

## بورڈ پانی کے موجودہ و آئندہ ذخائر کے انتظام، پانی کی گھروں تک فراہمی کے طریقہ کار، پانی کی سٹیک ہولڈرز کے مابین تقسیم و متعلقہ اقدامات کا انتظام سنبھالے گا، وزیراعظم



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اجلاس سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

اسلام آباد (نیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ چھوٹے کسانوں کے لیے آسان قرض اور جدید زرعی سہولیات کی فراہمی ترجیح بنائی جائے۔ بلدی زرعی ترقی کے لیے منصوبہ بندی اور انگری فائنانسنگ پر جائزہ اجلاس وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ہوا، جس میں وزیراعظم نے ہدایت کی کہ بارشوں کے باعث راول ڈیم بھر گیا، اسپل ویز کھولے جانے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) بارشوں کے باعث راول ڈیم بھر گیا، جس کے باعث اسپل ویز کھولے جانے کا امکان ہے۔ راول ڈیم میں پانی کا ذخیرہ 17 سو 47 ایکڑ فٹ پر پہنچ گیا جبکہ پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش 17 سو 52 ایکڑ فٹ ہے (بقیہ نمبر 3)

پنجاب میں طوفانی بارشوں پر رین ایمرجنسی نافذ، عوام حفاظتی ہدایات پر عمل کریں: مریم نواز

مختلف علاقوں میں سیلابی صورتحال، سرکاری ادارے سرانجام دے رہے ہیں: وزیراعلیٰ

عوام کو سائرن و اطلاعات کے ذریعے آگاہ کیا جائے، اداروں سے تعاون کریں، رین ایمرجنسی پر پیغام

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ "ایکس" پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں غیر معمولی بارشوں اور محکمہ سیلابی (بقیہ نمبر 6)



اسلام آباد: وزیراعظم پاکستان شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس ہو رہا ہے

## امریکا کا شام سے سرحدی افواج ہٹانے کا مطالبہ

تمام فریقین کو مذاکرات کو ترجیح دینی چاہیے، ترجمان محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ نے شام کی جنوبی سرحدوں سے فوجی انخلا کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ علاقائی کشیدگی میں کمی لانے کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت (بقیہ نمبر 9)

# بارشوں سے تباہی سے 63 زائد جاں بحق، بچے کھچے گھر گرنے کا انتباہ

## وزیراعظم کی چیف سیکرٹری، آئی جی، کمشنر، ڈی سی سے طلب، متاثرہ علاقوں میں ایمرجنسی نافذ، چکوال میں کلاؤڈ برسٹ کے بعد بارش برسنے پر ڈیم ٹوٹ گیا، نشیبی علاقوں میں سیلابی صورتحال خطرناک

## نالہ لئی کی سطح خطرناک حد تک بلند ہونے پر شہر میں ٹریفک روانی متاثر، گاڑیاں بہہ گئیں، موٹر وے زیر آب، شہریوں کی مشکلیں، پٹرول کشتیوں سے عوام کی مدد

## چکوال میں کلاؤڈ برسٹ کے بعد 423 ملی میٹر بارش برسنے پر ڈیم ٹوٹ گیا، نشیبی علاقوں میں پیدا ہونے والی سیلابی صورتحال کے پیش نظر لوگوں کا انخلا کا عمل شروع

اسلام آباد/راولپنڈی/چکوال (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور راولپنڈی سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں شدید بارشوں کے باعث سیلابی ریلوں نے تباہی مچادی، جڑواں شہر اسلام آباد اور راولپنڈی میں 15 گھنٹے میں 230 ملی میٹر بارش برسنے پر ندی نالے بھر گئے، پانی (بقیہ نمبر 4)



وزیراعظم کے کوآرڈینٹر برائے تجارت، رانا احسان افضل نے مقامی آئومنیوفیکچرنگ انڈسٹری کو پروپیش چیلنجز پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے سوزوکی موٹر کمپنی پاکستان کے سی ای او سے ملاقات

## عالمی یوم انصاف'' بھارتی قبضے میں کشمیری انصاف سے مسلسل محروم

جموں و کشمیر کے مظلوم کشمیری عوام خود ارادیت کا جائز مطالبہ کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) دنیا بھر میں ''عالمی یوم انصاف'' منایا گیا مگر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر کے لوگ گزشتہ تقریباً 78 برس سے انصاف کے حصول کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں (بقیہ نمبر 10)

# عالمی برادری غزہ کو صورتحال پر کردار ادا کرنا ہوگا، عاصم افتخار

## غزہ میں خوراک اور ادویات کی فراہمی بھی یقینی بنائی جائے، عالمی برادری کو فوری طور پر غزہ کی صورتحال پر کردار ادا کرنا ہوگا، تفصیلات کے مطابق اسرائیلی حملوں کے بعد غزہ کی بدترین صورتحال پر سیاسی کونسل کا اجلاس ہوا، جس سے پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے (بقیہ نمبر 11)



## گورنر نے کے پی اسمبلی کا اجلاس 20 جولائی کو طلب کرلیا

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا نے کے پی اسمبلی کا اجلاس 20 جولائی کو طلب کرلیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق گورنر نے (بقیہ نمبر 12)

## امید ہے محاذ مستقبل میں مافی سے ہٹ کر اپنی مثبت فعال اور جرأت مندانہ مخالفی رول ادا کریں گے، سردار یار محمد خان

مظفر آباد (این این آئی) جموں و کشمیر پیپلز سیل کے میڈیا کوآرڈینٹر اور ڈپٹی چیف آرگنائزر (بقیہ نمبر 13)

## دنیا کے سب سے بڑے ملٹی ایئر شو میں پاکستان کی شاندار نمائندگی کا اعزاز

## جے ایف 17 بلاک 3 طیاروں کی برطانیہ میں پرواز کے دوران فضائی ایندھن کی فراہمی کا مظاہرہ

## جے ایف-17 تھنڈر کی ثابت شدہ عسکری صلاحیتوں اور آپریشنل فوقیت نے عالمی سطح پر نمایاں توجہ حاصل کی ہے

راولپنڈی (این این آئی) جے ایف 17 بلاک 3 طیاروں کی برطانیہ میں پرواز کے دوران فضائی ایندھن کی فراہمی کا مظاہرہ پیش کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہے ایف 17 بلاک 3 طیاروں کی برطانیہ میں پرواز کے دوران فضائی ایندھن کی فراہمی کا مظاہرہ پیش کیا گیا۔ پاک فضائیہ کے ایئر بیٹنگ کی مدد سے دوران (بقیہ نمبر 5)

## ورلڈ یونیورسٹی گیمز، اقتتاحی تقریب میں پاکستانی دستے کی روایتی لباس میں شرکت

اسلام آباد (این این آئی) کرملن اسٹیڈیم کازان میں سیلد جرمنی میں جاری ہونے والے ورلڈ یونیورسٹی گیمز کا آغاز ہوگیا۔ اقتتاحی تقریب میں پاکستانی دستے نے بھی روایتی لباس میں شرکت کی۔ برلن کے تقریب رائن روہر میں جاری ان گیمز میں 150 ممالک کی یونیورسٹی کے 17 سے (بقیہ نمبر 7)

## پنجاب میں میٹرو بس و اورنج لائن کیلئے ڈیجیٹل پیمنٹ سسٹم متعارف کرانے کا فیصلہ

میٹرو بس، اورنج لائن ٹرین میں ٹوکن سسٹم ختم، ''ڈی کیش کارڈ'' سے سفر ممکن ہوگا، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس، ماس ٹرانزٹ سسٹم کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے اہم فیصلے

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت ڈائریکٹر ٹیرانسپورٹ سے ملاقات میں میٹرو بس اور اورنج لائن ٹرین میں ٹوکن سسٹم ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اورنج لائن ٹرین اور میٹرو بس سروس میں سسٹم ختم کر کے بار کوڈ اور کارڈ (بقیہ نمبر 2)



لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے ساتھ ہینڈلوم پارٹی ٹریڈنگ کے تاجروں پر مشتمل وفد کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

## ٹے پانے والے کنٹریکٹ پر عملدرآمد یقینی بنانا انتظامی افسروں کی ذمہ داری ہے، ڈیشن رفیق

لاہور (این این آئی) وزیر (بقیہ نمبر 48)

## ڈی ایف پی کے متبوضہ کشمیر میں مزید 20 بٹالین کی تعیناتی پر گہری تشویش کا اظہار

سری نگر (این این آئی) بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں ڈیسک (بقیہ نمبر 18)

# امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دورہ پاکستان سے متعلق علم نہیں دفتر خارجہ

## پاکستان کا ملکی ایئر لائنز پر پابندیاں ختم کرنے کے برطانوی فیصلے پر اظہار تشکر، تاریخی فیصلہ پاکستان کی گزشتہ برسوں کے دوران جاری سفارتی و تکنیکی کوششوں کا ثمر ہے

## اس پابندی کا خاتمہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان فضائی رابطوں کی بحالی کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے، جو برطانیہ میں مقیم 17 لاکھ سے زائد پاکستانیوں کے لیے نہایت خوش آئند ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے یکم ایئر لائنز کو ایئر سیفٹی لسٹ سے نکالنے (پابندیاں ختم کرنے) کے فیصلے پر برطانیہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے شکریہ ادا کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور اس کی فضائی کمپنیوں کو برطانیہ کی ایئر سیفٹی لسٹ سے نکالنے کا فیصلہ خوش آئند ہے۔ پاکستان نے برطانیہ کی ایئر سیفٹی کمیٹی کی جانب سے پاکستانی ایئر لائنز کو ایئر سیفٹی لسٹ سے نکالنے اور 5 سال بعد برطانیہ سے پاکستان کی بین الاقوامی ایوی ایشن سیفٹی کے اہل ترین معیار پر کاربند رہنے کے عزم کی تصدیق ہوئی ہے۔ ترجمان کے مطابق اس پابندی کی گزشتہ برسوں کے دوران جاری سفارتی و تکنیکی کوششوں کا ثمر ہے، جس کے لیے کمرشل پروازوں کی بحالی کی اجازت دینے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ تاریخی فیصلہ پاکستان کی گزشتہ برسوں کے دوران جاری سفارتی و تکنیکی کوششوں کا ثمر ہے، جس کے نتیجے میں پاکستان اور برطانیہ کے درمیان فضا (بقیہ نمبر 14)

## غزہ میں امداد، ادویات اور قیدیوں کی رہائی یقینی بنائی جائے، پاکستان

## خوراک اور ادویات کی فراہمی یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، عاصم افتخار

نیویارک (این این آئی) نیویارک میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر اہم اجلاس ہوا۔ پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے سلامتی کونسل اجلاس (بقیہ نمبر 16)



## خاتون گرفتار، نازیبا ویڈیو برآمد

بنکاک (این این آئی) تھائی لینڈ میں خاتون نے درجنوں بدھ مذہبی راہبوں کے ساتھ جنسی تعلقات استوار کرنے کی ان کی نازیبا ویڈیوز (بقیہ نمبر 15)

## تھائی لینڈ، بدھ راہبوں سے جنسی تعلق اور بلیک میلنگ پر

## شہرہ آفاق پبلک اسکول (KIPS) اکیڈمی سیکٹر پلیٹ شہریان مظفر آباد کے بچوں کے لیے تاریخی اور مثالی اضافہ

مظفر آباد (این این آئی) (بقیہ نمبر 19)

## سعودی عرب میں منشیات اسمگلنگ کے الزام میں پاکستانی کو سزائے موت دیدی گئی

ملزم کو تمام تر قانونی معاونت فراہم کی گئی اور انصاف کے تقاضوں کو پورا کیا گیا، وزارت داخلہ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں منشیات کی اسمگلنگ میں ملوث ایک مجرم کو عدالتی فیصلے پر عمل درآمد کرتے ہوئے سزائے موت دیدی گئی۔ عرب میڈیا کے مطابق سعودی عرب (بقیہ نمبر 20)

## پنجاب میں طوفانی بارشیں، ندی نالوں میں طغیانی، ایمرجنسی نافذ

## راولپنڈی، چکوال اور گروداسپور میں شدید بارشوں کے باعث ندی نالے بھر گئے، الرٹ جاری

ڈی جی ایس اسلام آباد کی ہدایت پر فیلڈ ٹیمیں متحرک، شہریوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی اپیل

لاہور (زیڈ این این) پنجاب کے مختلف علاقوں میں شدید طوفانی بارشوں کے باعث سیلابی صورتحال پیدا ہوگئی ہے، جس کے پیش نظر (بقیہ نمبر 17)

# عوام کو پریشانی سے بچانے کیلئے سوات طرز کا آپریشن نہیں کیا جا رہا، رانا اللہ

## پاکستان نے پوری دنیا کو شواہد پیش کیے ہیں بھارت پاکستان میں پراکسی وار میں ملوث ہے، مشیر برائے سیاسی امور وزیراعظم

## صدر کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدام کیا جائے گا، بھارت کی پاکستان میں پراکسی وار کی دنیا کو تشویش ہونی چاہیے، رانا ثناء اللہ

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے قلات میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعے کو المناک قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس کے پیچھے بھارت کا ہاتھ ہے، دشمنوں کا ایجنڈا پاکستان مخالف ہے اور اس کے پیچھے بھارت کی مداخلت ہے۔ ایک اخبار میں انہوں نے کہا کہ بھارت اور اس کے دشمنوں کی سیف ہیونز کو ختم کر دیا جائے تو پھر کافی حد تک کنٹرول ہو جائیں گے لیکن جب تک بھارت سے گناہ شہریوں کی پشت پر ہے انہیں زیرو کنٹرول پر لانا ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 22)



## دبئی میں سرکاری ملازمین کو شادی پر 10 چھٹیاں دینے کا اعلان

دبئی (این این آئی) حکومت عرب امارات کے نائب صدر شیخ محمد بن راشد المکتوم نے دبئی سرکاری ملازمین کو شادی کے لیے (بقیہ نمبر 3)

## دبئی میں پاکستانی قیمتی ڈرائیور کی خوش اخلاقی کے چرچے

دبئی (این این آئی) دبئی میں پاکستانی قیمتی ڈرائیور کی خوش اخلاقی کے چرچے ہیں جس نے قیمتی سیاح کی بہترین استقبال کیا اور (بقیہ نمبر 25)

## امریکا، لاسکا میں 7 اعشاریہ 1 شدت کا زلزلہ، سونامی وارننگ جاری

لاسکا (این این آئی) امریکی ریاست لاسکا میں سات اعشاریہ یا یک شدت کا زلزلہ آنے کے بعد سونامی وارننگ جاری کردی گئی ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق زلزلے سے فی الحال نقصان (بقیہ نمبر 26)

## جے ایف 17 بلاک 3 طیاروں کی برطانیہ میں پرواز کے دوران فضائی ایندھن کی فراہمی کا مظاہرہ

## دنیا کے سب سے بڑے ملٹری ایئر شو میں پاکستان کی شاندار نمائندگی کا اعزاز ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) آئی ایس پی آر کے مطابق ہے ایف 17 بلاک 3 طیاروں کی برطانیہ میں پرواز کے دوران فضائی ایندھن کی فراہمی کا مظاہرہ پیش کیا گیا۔ آئی ایس پی آر



لاہور: قائد حزب اختلاف پنجاب اسمبلی ملک احمد خان کھچی حکومت کے ساتھ مذاکرات کے بعد اپوزیشن ارکان کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

## شام میں فریقین نے جھڑپیں ختم کرنے پر اتفاق کرلیا، مارکو روبیو

## شام میں لڑنے والے مختلف گروپوں سے رابطہ کیا ہے، مخصوص اقدامات پر اتفاق کرلیا گیا ہے، گفتگو

شام میں بدو قبیلے کے ہاتھوں درروز قبیلے کے تاجر کے اغوا کے بعد شروع ہونے والے فسادات فرقہ وارانہ شکل اختیار کرگئے ہیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ شام میں لڑنے والے فریقین کا جھڑپیں ختم کرنے پر اتفاق ہوا ہے، اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ شام میں لڑنے والے مختلف گروپوں سے رابطہ کیا ہے، خصوصی اقدامات پر اتفاق کرلیا گیا ہے۔ مارکو روبیو کا کہنا تھا کہ یہ اقدامات شام میں خونریزی کی صورتحال کو ختم کریں گے تاہم شامی فریقین کو اپنے وعدوں پر عمل کرنا ہوگا۔ واضح رہے کہ شام میں بدو قبیلے کے ہاتھوں درروز قبیلے کے تاجر کے اغوا سے شروع ہونے والے فسادات میں (بقیہ نمبر 29)

## پاکستان کی سیاسی ایڈریس شفاف میٹرک پر مبنی جدید اور نظام مثالی مراد علی شاہ

## وزیراعلیٰ سندھ کا سندھ پبلک سروس کمیشن کے کھنڈی سڑک کے دفاتر کا دورہ، کمپیوٹرائزڈ ٹیسٹ لیبارٹری کا افتتاح

## اہل افرادی قوت کا انتخاب کرنا ہے تاکہ ادارے بہتر کام کریں، مراد علی شاہ کا تقریب سے خطاب

حیدرآباد (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے سندھ پبلک سروس کمیشن کے کھنڈی سڑک کے دفاتر کا دورہ اور کمپیوٹرائزڈ ٹیسٹ لیبارٹری کا افتتاح کیا اور کہا کہ سندھ پبلک سروس کمیشن کی شفاف نظام قائم کیا ہے، اہل امیدواروں کا میرٹ پر انتخاب ناگزیر ضرورت ہے۔ ایس (بقیہ نمبر 30)



## وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ایمرجنسی نافذ

## راولپنڈی سمیت مختلف اضلاع میں رین ایمرجنسی، امدادی ادارے اور پولیس مکمل الرٹ

## نشیبی علاقوں سے عوام کے محفوظ انخلا کے ذریعے منتقلی، خستہ عمارتوں کی نگرانی سخت کی ہدایات

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر صوبہ بھر میں جاری شدید بارشوں، ندی نالوں میں طغیانی اور سیلابی کیفیت کے پیش نظر صوبائی ایمرجنسی سروس 1122 نے ریسکیو آپریشن تیز کر دیا ہے۔ راولپنڈی، لاہور، سیالکوٹ، گوجرانوالہ اور چکوال سمیت متاثرہ اضلاع میں ''رین ایمرجنسی'' نافذ کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 32)

## جہانوں میں دنیا کی مہنگی ترین ٹرین، دو روزہ سفر کی قیمت 55 لاکھ روپے

توکیو (این این آئی) جاپان کی مشہور لگژری ٹرین سیون اسٹارز ان کیوشو دنیا کی مہنگی ترین ریل گاڑیوں میں شمار ہوتی ہے، جس میں دو روزہ سفر کی قیمت 50 سے 55 لاکھ روپے تک بتائی جاتی ہے۔ اس شاندار ٹرین میں ایک وقت میں (بقیہ نمبر 31)



وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری کراچی میں میرین پولیوشن کنٹرول بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## پاکستان سے دوستی ادارے عوام خاموش نہیں رہیں گے ہم آن کا بدلہ لیں گے: وزیر سندھ

## گورنر سندھ کا صابری خاندان سے اظہار تعزیت، سانحہ قلات کو بھارتی سازش قرار دیدیا

## ہم نے بھارت کو دھول چٹائی ہے اور ایک بار پھر دھول چٹائیں گے، کامران ٹیسوری گورنر سندھ

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری سانحہ قلات میں جاں بحق ہونے والے قوال امجد صابری اور دیگر شہدا کے اہل خانہ سے تعزیت کے لیے رات گئے پی آئی بی کالونی میں ان کے گھر پہنچے۔ ان کے ہمراہ ایم کیو ایم کے سینئر رہنما ڈاکٹر فاروق ستار بھی تھے۔ اس موقع پر گورنر سندھ نے (بقیہ نمبر 28)

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

## دوسرے صوبے سے آنے والا منشیات فروش گرفتار، 12 کلوگرام آئس برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ گجر پورہ اور چوکی کرول کھائی پولیس نے دوسرے صوبے سے آنے والا منشیات فروش گرفتار کرکے 12 کلوگرام آئس برآمد کرلی۔ ترجمان کے مطابق ایس ایچ او گجر پورہ وقار السنین بخاری اور چوکی انچارج کرول کھائی کے ہمراہ ناکہ بندی میں مصروف تھے کہ ایک مشکوک شخص کو روکا گیا۔ تلاشی پر ملزم کے قبضہ سے 12 کلوگرام آئس برآمد کرلی گئی۔ ترجمان کے مطابق ملزم کی شناخت عبدالرحمان کے نام سے ہوئی ہے۔ ملزم کارروائی کرتے ہوئے پشاور سے آئس لے کر لاہور آنے والا تھا۔ ملزم سراج گل کو گرفتار کرکے 12 بکلو آئس برآمد کرکے مقدمہ درج کرلیا پولیس کا کہنا ہے کہ دوران تفتیش ملزم نے اس آئس کی ترسیل سے متعلق مزید اہم انکشافات کیے ہیں جن کے دیگر شہروں میں فروخت کرنے کا اعتراف کیا ہے۔

## ڈوگلس اسکواڈ نے سندھ پولیس کو دہشت گردی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈوگلس اسکواڈ نے سندھ پولیس کو دہشت گردی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کرلیا ترجمان کے مطابق ڈوگلس ٹیم نے گھوٹکی راوی میں کارروائی کرتے ملزم کو گرفتار کیا ملزم کے خلاف 6 سال قبل تھانہ گھوٹکی اقبال ایبٹ (سندھ) میں دہشت گردوں کی مالی معاونت و سہولت کاری جائیداد ضبطگی میں معاونت کرنے کا مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ اس مقدمے میں ملزم گرفتاری سے بچنے کیلئے لاہور میں روپوش تھا۔ ترجمان ڈوگلس نے مزید بتایا کہ ملزم صدیق کو

## جوہر ٹاؤن پولیس نے 02 رکنی نقب زن گینگ گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) جوہر ٹاؤن پولیس نے 02 رکنی نقب زن گینگ گرفتار کرلیا، جوہر ٹاؤن پولیس صدر ڈویژن کے مطابق جوہر ٹاؤن پولیس نے ڈی ڈی فوج کی مدد سے نقب زنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان جمعہ خان اور جلال خان کو گرفتار کرکے ملزمان کے قبضہ سے نقدی، اسلحہ اور دیگر سامان برآمد کرکے مقدمہ درج کرلیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان گھروں میں داخل ہو کے نقب زنی کی وارداتیں کرتے تھے۔

## نصیر آباد پولیس نے ہاؤس کیپر کی کے احاطے میں منشیات فروخت کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) نصیر آباد پولیس نے ہاؤس ٹاؤن کیپر کی کے احاطے میں منشیات فروخت کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا ترجمان کے مطابق ایس ایچ او نصیر آباد محمد فرحان نے ملزم کو خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے تعاقب کے بعد گرفتار کرلیا ملزم کی شناخت شہزاد عرف شہزی کے نام سے ہوئی ہے ملزم کے قبضہ سے 100 گرام چرس برآمد کرکے مقدمہ درج کرلیا ایس پی اے ہاؤس ٹاؤن محمد اخلاق اللہ تارڑ کا کہنا ہے کہ ملزم کیپر کی کے احاطے میں ہوٹل کیپر کی منشیات فروخت کررہا تھا۔

## پنجاب میں ڈرائیونگ لائسنس کے اجرا کے عمل میں شفافیت لانے کے لیے ٹریفک پولیس نے جدید نظام متعارف کرانے کا فیصلہ کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب میں ڈرائیونگ لائسنس کے اجرا کے عمل میں شفافیت لانے کے لیے ٹریفک پولیس نے جدید نظام متعارف کرانے کا فیصلہ کرلیا۔ ایک ہاتھی، سفارشی یا بااثر شخص کے ذریعے لائسنس حاصل کرنے والوں کی گنجائش باقی نہیں رہے گی۔ ڈی آئی جی ٹریفک وقاص نذیر کے مطابق ڈرائیونگ لائسنس موجودہ

## طلائی زیورات چوری کرنے والی 3 خواتین چور پاک پتن سے گرفتار

ساندہ پولیس کا 30 گھروں کی چوری میں ملوث 3 خواتین چور گینگ کو گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ساندہ پولیس نے 30 گھروں کی چوری میں ملوث 3 خواتین چور گینگ کو گرفتار کرلیا ملزمان سے 10 تولہ طلائی زیورات اور نقدی برآمد کرلی گئی۔ ایس پی انویسٹی گیشن سیدہ نازیہ رضا کے مطابق ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ ملزمان کی شناخت سدرہ خان، مسماۃ نوشابہ اور مسماۃ نسیم کے نام سے ہوئی ہے۔ ملزمان کے قبضہ سے 30 تولہ سونے کے طلائی زیورات برآمد کرلیے گئے

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور''(3)18 جولائی 2025ء

# وزیر اعلیٰ کی کوآرڈینیٹر سائرہ افضل تارڑ اور ڈپٹی کمشنر حافظ آباد کا مختلف علاقوں کا دورہ

## دیہات کا دورہ کرتے ہوئے بارش سے پیدا ہونے والی صورتحال، نکاسی آب اور صفائی ستھرائی کے دیگر کاموں کا جائزہ لیا



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ کی کوآرڈینیٹر ایم این اے سائرہ افضل تارڑ اور ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے شہر کے مختلف علاقوں اور دیہات کا دورہ کرتے ہوئے بارش سے پیدا ہونے والی صورتحال، نکاسی آب اور صفائی ستھرائی کے دیگر کاموں کا جائزہ لیا۔ ایم این اے سائرہ افضل تارڑ اور ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے کڑیالہ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے بارش کے بعد مجموعی صورتحال اور نکاسی آب کے کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے محکمہ لوکل گورنمنٹ، ضلع کونسل اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ کڑیالہ سیم نالہ کی صفائی کے ساتھ ساتھ گاؤں سے بارشی پانی کے نکاس کے لیے تمام ہیوی مشینری کا استعمال کیا جائے۔ بارشی پانی کو نکالنے کے کاموں کو یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو ہسپتال کا بھی دورہ کیا اور وہاں سکر مشینوں اور ڈی واٹرنگ سیٹ کے ذریعے جمع بارشی پانی کو نکالنے کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کالیکی، کانواوالی، بوٹ سرور اور دیگر دیہات کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے بارش کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ دیہی علاقوں سے بارشی پانی کو نکالنے کے فوری انتظامات شروع کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر تحصیل انتظامیہ، ضلع کونسل، محکمہ لوکل گورنمنٹ اور ریسکیو 1122 کے افسران اور اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر بارشی پانی کے نکاس اور دیگر حفاظتی انتظامات شروع کر دیے۔

## پیٹرولیم مصنوعات میں اضافہ سے مہنگائی مزید بڑھے گی: محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

### بڑے اضافہ سے عام پاکستانی کی معاشی مشکلات میں اضافہ ہوگا، کنوینر اتحاد گروپ



ایک ماہ کے دوران پیٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں 15 روپے سے زائد اضافہ سے جہاں پہلے سے مہنگائی کے شکار عام پاکستانیوں کی جہاں معاشی مشکلات میں اضافہ ہوا ہے وہیں اب پیٹرولیم مصنوعات میں بڑے اضافے سے عام ضروریات زندگی کی خریداری سمیت ماہانہ بجٹ میں بھی اضافہ سے مہنگائی کا طوفان آئیگا۔ ان باتوں کا اظہار ایک ماہ کے دوران پیٹرولیم مصنوعات میں بڑے اضافے کے حوالہ سے فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کنوینر اتحاد گروپ نے سنیئر صحافیوں کیساتھ خصوصی ملاقات کے دوران کیا انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات میں حکومت کی جانب سے ایک ماہ میں دو بار بڑے اضافہ کے اثرات اور مہنگائی بارے اپنے جاری میڈیا بیان میں کہا کہ پہلے ہی ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ کے برآمد کنندگان وٹریڈرز حکومت کی معاشی پالیسیوں سے نالاں احتجاج کر رہے ہیں اب پیٹرولیم مصنوعات میں حالیہ اضافوں کیوجہ سے شہریوں کی مالی مشکلات و ٹرانسپورٹیشن بجٹ میں بھی اضافہ ہوگیا ہے۔ حکومت عام پاکستانیوں کی زندگی اجیرن نہ بنائے اور گیس، بجلی، پیٹرول سمیت چینی و اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافے کی بجائے کمی کر کے عام پاکستانیوں محنت کشوں کو ریلیف دے۔

## غیر قانونی گھسوٹی پٹائی کی وجہ سے جگہ جگہ پر کافی گہرے گڑے پڑے ہوئے ہیں

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) دھوندے گاؤں رائیونڈ غیر قانونی گھسوٹی پٹائی کی وجہ سے جگہ جگہ پر کافی گہرے گڑے پڑے ہوئے ہیں جن میں بارش کا پانی کھڑا ہوا ہے جہاں پر ظہور احمد ولد مراتب علی عمر 12 سال سکنہ دھوندے گاؤں رائیونڈ اپنی بکریاں چرا رہا تھا کہ بارش کی وجہ سے ان گڑھوں میں پانی کھڑا ہوا ہے جس کے اندر گر کر ظہور احمد موقع پر جاں بحق ہوگیا۔

## برسات کے دوران صارفین محتاط رہیں۔ انجینئر سردار جمشید خان

### واپڈا فیلڈ عملہ بغیر ورک پرمٹ واحتیاطی تدابیر فیلڈ ورکنگ نہیں کریں۔ سپرنٹینڈنٹ انجینئر گگیچکو



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) مون سون کا طاقتور سپیل سیالکوٹ میں جاری ہے اس دوران شدید بارشوں کیوجہ سے شہری واپڈا کی ہائی ٹرانسمشن لائنوں بجلی کے کھمبوں سے خود اور اپنے مال مویشیوں کو بھی دور رکھیں۔ گھریلو صارفین گیلے ہاتھوں سے بجلی کے سوئچ آن آف کرنے سے پرہیز کریں اور بارش کے دوران دریل نہ بجائیں، بجلی کی لپائی لائنز، کیبل و الیکٹرانک مصنوعات کو چھونے سے گریز کریں۔ بچوں کو بھی پاور پلگز اور بجلی کے ان آف سوئچز سے دور رکھیں۔ ان باتوں کا اظہار سپرنٹینڈنٹ انجینئر گگیچکو سرکل سیالکوٹ سردار جمشید خان نے اپنے جاری میڈیا بیان میں کیا۔ فیلڈ عملہ کے حوالہ سے انہوں نے کہا کہ فیلڈ عملہ بارش کے دوران یا بعد ازاں الیکٹرک پول یا ٹرانسفارمر کو بجلی منقطع کرنے کے ورک پرمٹ بغیر کام نہیں کریں۔ شہری شدید طوفانی بارش و سیلابی صورتحال میں بجلی کے کھمبوں، ٹرانسفارمرز یا پانی ٹرانسمشن لائنوں سے دور رہیں کہ اچانک گر کے آپکے لئے مہلک ثابت ہوسکتے ہیں۔

## پنجاب ایمرجنسی سروس ڈسٹرکٹ چنیوٹ کی جانب سے ایک جامع تربیتی مہم کا آغاز کر دیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مون سون سیزن کے دوران ممکنہ ہنگامی صورتحال سے موثر طور پر نمٹنے اور عوامی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پنجاب ایمرجنسی سروس ڈسٹرکٹ چنیوٹ کی جانب سے ایک جامع تربیتی مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر طاہرہ خان ڈی زیر نگرانی اس مہم کے تحت مختلف اداروں میں عملی تربیتی سیشنز کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ 17 جولائی 2025 کو چنیوٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ، بھوآنہ رمضان شوگر مل اور لالیاں زم زم فرنیچر میں مجموعی طور پر 43 افراد کو تربیت فراہم کی گئی۔ ان تربیتی سیشنز میں ابتدائی طبی امداد، سیلاب یا بارش کے دوران حفاظتی اقدامات، اور محفوظ انخلاء کے طریقہ کار سے آگاہی دی گئی۔

## ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر میونسپل کمیٹی کے افسران بارشی پانی کی نکاسی کے لیے رات بھر فیلڈ میں کوشاں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر میونسپل کمیٹی کے افسران بارشی پانی کی نکاسی کے لیے رات بھر فیلڈ میں کوشاں، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی عمر تسیم نے رات کے مختلف اوقات میں شہر کے مختلف مقامات پر ڈی واٹرنگ سیٹس کے ذریعے بارشی پانی کی نکاسی کے عمل کا جائزہ لیا، انہوں نے 1 فوراہیل کے واٹر ڈسپوزل اسٹیشن کی ورکنگ کی بھی چیکنگ کی اور تمام مشینوں کو مسلسل سے چالو رکھنے کی ہدایات جاری کیں تاکہ بارشی پانی کے انخلاء کی راہ ہموار کی جاسکے، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی نے کہا کہ مون سون کی حالیہ ریکارڈ بارشوں نے شہر بھر کو بری طرح متاثر کیا ہے جس کے تحت بارشی پانی کو بروقت نکالنا از حد ضروری ہے، انہوں نے کہا کہ میونسپل کمیٹی کے اہلکار نکاسی آب کے لیے فیلڈ میں موجود رہیں

## عدالتی اشتہارات کی مد میں سیالکوٹ کے سائلین لٹنے لگے

### پانچ سو سے ہزار والے اشتہار کے دس سے پندرہ ہزار روپے دینے پر مجبور سائلین کی چیف جسٹس سے نوٹس کی اپیل

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) عدالتی اشتہارات کی مد میں سیالکوٹ کے سائلین لٹنے لگے۔ آسمان قانون کا انصاف مہنگا ہوگیا۔ پانچ سو سے ہزار والے اشتہار کے دس سے پندرہ ہزار روپے دینے پر مجبور سائلین کی چیف جسٹس سے نوٹس کی اپیل۔ تفصیل کے مطابق سیالکوٹ کی عدالتوں میں اشتہارات کا عمل رسمی کاروائی کی بجائے نفع بخش کاروبار بن گیا ہے عدالت تعمیل کے لیے اشتہار اخبار کرتی ہے تو اشتہار اخبار میں پانچ سو یا ہزار کا لگتا ہے تو اسکی قیمت سائل سے دس سے پندرہ ہزار وصول کی جاتی ہے جو سائل کے ساتھ زیادتی ہے۔ سائلین کا کہنا ہے کہ دعویٰ کے لیے سرکاری کورٹ فیس پندرہ ہزار ہے جو مناسب فیس ہے مگر عدالتی اشتہار بزریعہ کورئیل ہو کے صحافیوں تک پہنچتا ہے اخبار کی مد میں سائل کو پندرہ ہزار کا ٹیکہ لگایا جاتا ہے جبکہ اخبار اشتہار کی مد میں فیس صحافی تک نادہل پہنچتی ہے مگر سائل سے نگوڑی رقم اخبار کے نام پر کون کسی طرح وصولتے ہیں اس کی انکوائری کرائی جانی چاہیے۔ ان حالات سے پہلے سے پریشان حال سائل مایوس ہوتا اور عدالتی نظام کو کوستا ہے۔ سائلین کی چیف جسٹس آف پاکستان۔ چیف جسٹس آف لاہور ہائیکورٹ سیشن جج اور صدر ڈسٹرکٹ بار سے اپیل ہے نوٹس لیا جائے اور کہ انصاف کی راہ میں حائل ہونے والے ان دھندے کو لگام ڈالی جائے۔

## مستحق افراد کی اعانت کیلئے محکمہ کی ٹیمیں ضلع بھر کا وزٹ کر رہی ہیں: مس آمنہ بٹ

### گھر گھر جا کر معذور افراد کی رجسٹریشن کر کے انہیں حکومتی امدادی فہرست میں شامل کیا جا رہا ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال مس آمنہ بٹ نے کہا ہے کہ مستحق افراد کی اعانت کیلئے محکمہ کی ٹیمیں ضلع بھر کا وزٹ کر رہی ہیں اور گھر گھر جا کر معذور افراد کی رجسٹریشن کر کے انہیں حکومتی امدادی فہرست میں شامل کیا جا رہا ہے جس سے ان کی مالی معاونت ہوگی اور وہ بھی معاشرے میں باوقار انداز میں زندگی بسر کر سکیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، مس آمنہ بٹ نے کہا کہ حکومت پنجاب کی طرف سے معذور افراد کی اعانت کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جو انکی عزت نفس کے تحفظ کے ضامن ہیں معذور افراد بھی معاشرے کا حصہ ہیں جنہیں کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جاسکتا ضلع بھر کی تمام این جی اوز و سماجی تنظیمیں معذور افراد کی رجسٹریشن میں بھرپور تعاون یقینی بنانے سمیت ان کی اپنی مدد آپ کے تحت اعانت و امداد کیلئے اپنی تمام تر کاوشیں بروئے کار لائیں تاکہ یہ اپنے پاؤں پر کھڑے ہوسکیں، انہوں نے کہا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال کے تمام امور کو نہایت فعال کیا گیا ہے اور تمام حکومتی اقدامات کی عملداری کیلئے فرض شناسی و مستعدی سے خدمات سرانجام دی جا رہی ہیں۔

# کمشنر گوجرانوالہ کا ڈی ایچ کیو ہسپتال کے ٹراما سنٹر کا دورہ

### اس موقع پر انہوں نے صفائی اور سہولیات کا جائزہ لیا ایم ایس ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر زاہد ودیگر بھی ہمراہ تھے کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کے ٹراما سنٹر کا اچانک دورہ کیا



جولائی (محمد پرویز مغل قوت بیورو) کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کے ٹراما سنٹر کا دورہ، اس موقع پر انہوں نے صفائی اور سہولیات کا جائزہ لیا ایم ایس ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر زاہد ودیگر بھی ہمراہ تھے کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کے ٹراما سنٹر کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف وارڈز، ایمرجنسی، لیبارٹری، اور انتظار گاہ اور دی جانیوالی سہولیات کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے صفائی ستھرائی، طبی سہولیات، مریضوں کو فراہم کی جانے والی ادویات، اور عملے کی حاضری کا بغور جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) اور دیگر انتظامی افسران سے موجودہ سہولیات، درپیش مسائل اور مریضوں کی شکایات کے بارے میں دریافت کیا۔ کمشنر نے اس بات پر زور دیا کہ ٹراما سنٹر جیسے اہم شعبے میں صفائی، بروقت علاج اور ہنگامی خدمات کی فراہمی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے وارڈز میں داخل مریضوں سے ان کے مسائل بھی سنے اور ہسپتال عملے کے رویے اور علاج کے معیار کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ کئی مریضوں نے علاج کی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا، جبکہ چند نے انتظار کے وقت اور صفائی سے متعلق مسائل کی نشاندہی کی۔ کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت دی کہ صفائی کے نظام کو روزانہ کی بنیاد پر مانیٹر کیا جائے۔ ایمرجنسی وارڈ میں تمام مشینری اور سہولیات کو فعال رکھا جائے۔ مریضوں کو ادویات اور دیگر ضروری سہولیات بلا تاخیر فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

## بزم ذکر بتول پاکستان کے زیر اہتمام میاں اعجاز احمد وٹوایڈووکیٹ اور ڈاکٹر انصر جوئیہ کی صدارت میں تعزیتی ریفرنس

### بسلسلہ ایصال ثواب کا انعقاد تحصیل بار ایسوسی ایشن عارفوالا میاں اعجاز احمد وٹوایڈووکیٹ کے دفتر میں کیا گیا



عارفوالا (نامہ نگار) بزم ذکر بتول پاکستان کے زیر اہتمام میاں اعجاز احمد وٹوایڈووکیٹ اور ڈاکٹر انصر جوئیہ کی صدارت میں تعزیتی ریفرنس بسلسلہ ایصال ثواب کا انعقاد تحصیل بار ایسوسی ایشن عارفوالا میاں اعجاز احمد وٹوایڈووکیٹ کے دفتر میں کیا گیا جس میں سینئر صحافی وایگزیکٹیو ممبر پریس کلب عارفوالا رجسٹرڈ رانا محمد سانول حسن منج کی ہمشیرگان کی ناگہانی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی بلندی درجات ومغفرت کیلئے فاتحہ خوانی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی گئی جبکہ تعزیتی اجلاس میں میاں اعجاز احمد، ڈاکٹر انصر جوئیہ اور سجاد احمد قادری نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جوان موت بہت بڑا صدمہ ہوتا ہے اور ہر جان نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے اور اس غم کی گھڑی میں رانا سانول حسن اور انکی فیملی کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں اللہ پاک آپکو اور آپکے اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے تعزیتی ریفرنس میں کاشف عباد، محمد اکرم کھوکھر، سید ارسلان طاہر، حمید دعلی سندھو، ریحان چوہدری، سکمن اشرف ایڈووکیٹ، اعجاز احمد سمرا اور چوہدری احمد نعیم رسمیت دیگر دوست احباب نے شرکت۔

## پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ فوری واپس لیا جائے: میاں صغیر احمد

### کسان کی گندم اونے پونے داموں اور حکمرانوں کی اپنی شوگر ملوں کی چینی کی قیمت دن بدن بڑھتی جا رہی ہے



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ فوری واپس لیا جائے چینی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے کسان کی گندم اونے پونے داموں اور حکمرانوں کی اپنی شوگر ملوں کی چینی کی قیمت دن بدن بڑھتی جا رہی ہے یہ دوہرا معیار نہیں ہونا چاہیے تحریک انصاف نے یہی دوہرا معیار ختم کرنے کیلئے دو نہیں ایک پاکستان کا نعرہ لگایا ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سابق او درویش پراپرٹی کنسلٹنٹ میاں صغیر احمد نے اربن سٹی کے دفتر میں گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ حکومتیں عوام کو ریلیف دینے کیلئے ہوتی ہیں لیکن یہاں پر الٹی گنگا بہہ رہی ہے غریب عوام کے منہ سے روٹی کا نوالہ چھین لیا گیا ہے عوام مشکلات کا شکار ہے کسی کو غریب کی فکر نہیں ہے۔

## رائیونڈ: پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، عوام سراپا احتجاج

### روزمرہ کے اخراجات پہلے ہی آسمان کو چھو رہے ہیں، اور اب پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافہ جلتی پر تیل کا کام کر رہا ہے

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) حکومت کی جانب سے حالیہ دنوں میں پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں ایک بار پھر بھاری اضافہ کر دیا گیا ہے، جس نے رائیونڈ کے شہریوں کو شدید مشکلات میں مبتلا کر دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ روزمرہ کے اخراجات پہلے ہی آسمان کو چھو رہے ہیں، اور اب پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافہ جلتی پر تیل کا کام کر رہا ہے۔ رائیونڈ کے مقامی رہائشیوں کا کہنا ہے کہ اب یہ فیصلہ کرنا مشکل ہوگیا ہے کہ گھر کا چولہا جلائیں یا موٹر سائیکل میں پیٹرول ڈلوائیں۔ ایک شہری محمد جعفر میو کا کہنا تھا بجلی کے بل، چینی، آٹا، سب کچھ مہنگا ہو چکا ہے، اب پیٹرول کی قیمت بڑھا کر ہمیں مکمل طور پر معاشی طور پر مفلوج کر دیا گیا ہے۔ پیٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کے باعث ٹرانسپورٹ کے کرائے بھی بڑھنے کا امکان ہے۔ مقامی ٹرانسپورٹرز کا کہنا ہے کہ پیٹرول مہنگا ہونے کی وجہ سے انہیں کرایے بڑھانا پڑیں گے، ورنہ نقصان برداشت کرنا پڑے گا۔ ایک اور شہری خاتون کلثوم بی بی نے کہا بچوں کو اسکول بھیجیں یا گھر کا راشن لائیں؟ مہنگائی نے ہمیں نفسیاتی مریض بنا دیا ہے۔ حکومت کو ہوش کے ناخن لینے چاہئیں۔ سوشل ورکر محمد عرفان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اگر فوری طور پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر نظر ثانی نہ کی گئی تو عوامی غصہ کسی بڑے احتجاج کا سبب بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ وہ غریب اور متوسط طبقے کے لیے سبسڈی کا اعلان کرے تاکہ ان کا جینا دوبھر نہ ہو۔ رائیونڈ میں عام دکانداروں، رکشہ ڈرائیوروں اور مزدور طبقے میں بھی شدید مایوسی دیکھی جا رہی ہے، اور شہری حکومت سے مطالبہ کر رہے ہیں کہ فوری طور پر قیمتوں میں کمی کی جائے تاکہ وہ سکھ کا سانس لے سکیں۔

## شہر بھر میں غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا گیا

### اسسٹنٹ کمشنر نے سول ڈیفنس آفیسر خانیوال کے ہمراہ شہر کے مختلف مقامات پر گیس ریفلنگ شاپس کا معائنہ کیا، کارروائی کے دوران غیر قانونی گیس ریفلنگ میں ملوث دکانوں کو سیل کر کے سامان ضبط کر لیا گیا



میاں چنوں (اشعر نعمان) چیف منسٹر پنجاب کے ویژن اور ڈپٹی کمشنر خانیوال ڈاکٹر سلمیٰ سلمان کی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر وایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی میاں چنوں ساجدہ رزاق کی نگرانی میں شہر بھر میں غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا گیا، اسسٹنٹ کمشنر نے سول ڈیفنس آفیسر خانیوال کے ہمراہ شہر کے مختلف مقامات پر گیس ریفلنگ شاپس کا معائنہ کیا، کارروائی کے دوران غیر قانونی گیس ریفلنگ میں ملوث دکانوں کو سیل کر کے سامان ضبط کر لیا گیا، اس موقع پر ساجدہ رزاق نے واضح کیا کہ کسی کو بھی غیر قانونی کاروبار کی اجازت نہیں دی جائے گی اور انسانی جانوں سے کھیلنے والے عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی، علاوہ ازیں، اسسٹنٹ کمشنر نے انٹی انکروچمنٹ مہم کے تحت میونسپل کمیٹی کے انکروچمنٹ عملے کے ہمراہ شہر کے مختلف بازاروں میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کی نگرانی کی، کارروائی کے دوران عارضی تجاوزات کو موقع پر ہی ختم کروایا گیا جبکہ متعدد دکانوں کو سیل بھی کیا گیا، ان کا کہنا تھا کہ مستقل تجاوزات کو بھی مرحلہ وار ختم کیا جائے گا اور یہ مہم بلا امتیاز جاری رہے گی، انتظامیہ کی ان موثر کارروائیوں کو شہری حلقوں کی جانب سے سراہا جا رہا ہے، جبکہ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ شہر کو صاف، محفوظ اور منظم بنانے کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا۔

## ائیر سیال کی سیالکوٹ دبئی فلائیٹس کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ طاہر مجید کپور

### پہلے پہل ہفتہ وار دو پروازیں شیڈول بعد ازاں بڑھائی جائینگی۔ ڈائیریکٹر ائیر سیال



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ائیر سیال ہیڈ آفس سیالکوٹ میں سادہ مگر پروقار تقریب میں سیالکوٹ دبئی ائیر سیال فلائیٹس کے آغاز کی خوشی میں دعا کے بعد کیک کٹنگ کی گئی جس میں چیئرمین ائیر سیال سمیت وائس چیئرمین و ڈائیریکٹرز ائیر سیال نے شرکت کی۔ میڈیا سے گفتگو کے دوران ڈائیریکٹر ائیر سیال لائن طاہر مجید کپور سابق صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ نے کہا کہ سیالکوٹ سے دبئی فلائٹس سے کاروباری حجم بڑھنے کیساتھ سیاحت کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ ائیر سیال انٹرنیشنل نے پرائیویٹ سیکٹر میں انتہائی کم وقت میں ملکی و بین الاقوامی سطح پر فلائیٹس شروع کرنے کیساتھ جدید ترین طیارے فضائی بیڑے میں شامل کر کے اپنی استعداد کار میں اضافے کیساتھ ساتھ بہترین سفری سہولیات و لاجواب میزبانی کی زبردست روایت قائم کر کے اپنے کرم فرماؤں کا اعتماد حاصل کیا ہے۔

## سیاح فیملی یا دوستوں وغیرہ کے ساتھ پہاڑوں و گلیشیئرز میں محتاط رہیں۔ صہیب عادل قریشی

### انسانی جان انمول ہے اسکی قدر کیجئے۔ اویس عادل قریشی ایڈووکیٹ ہائیکورٹ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) گرمیوں کے دوران خصوصاً کالام ناران کاغان سمیت کہیں بھی گلیشیئرز کے قریب جا کر ان کے نیچے یا گلیشیئر کے اوپر گاڑی یا خود بھی کھڑے نہیں ہوں کہ پاکستان بھی تیزی سے موسمیاتی تبدیلیوں کے شکار ممالک کی فہرست میں شامل ہے اور گلیشیئرز تیزی سے پگھل رہے ہیں اچانک کسی بھی دباؤ سے گلیشیئر گرنے کے واقعات عام اور ان کے نیچے دب کر اموات یقینی ہیں کیونکہ اتنے بڑے برف کے تودے کے نیچے سے عام افراد انسان ریسکیو نہیں کر سکتے اور ریسکیو سروسز پہنچنے سے قبل موت یقینی ہے۔ ان باتوں کا اظہار صاحبزادہ حکیم صہیب عادل قریشی و صاحبزادہ حکیم اویس عادل قریشی آف حکیم لاء چیمبرز سمبڑیال نے حالیہ مون سون بارشوں کے دوران لینڈ و گلیشیئر سلائیڈنگ جیسے حادثات بارے شہریوں کی آگاہی کیلئے جاری میڈیا بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ گرمیوں کے دوران پہاڑوں نہر یا دریا و سمندر میں جانے سے پرہیز کیجیے کہ زندگی انمول اور پانی کی گہرائیاں معاف نہیں کرتیں۔

## ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو کی قیادت میں ضلعی انتظامیہ کا بارش کے دوران موثر آپریشن جاری

### تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور الائیڈ محکموں کے افسران و عملہ فیلڈ میں مسلسل متحرک ہیں، اہم شاہراہوں اور نشیبی علاقوں سے پانی کی نکاسی مکمل، چند پوائنٹس پر کلیئرنس جاری ہے



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو کی قیادت میں ضلعی انتظامیہ کا بارش کے دوران موثر آپریشن جاری، ضلع بھر میں نکاسی آب کا عمل تیزی سے مکمل کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے بارشی پانی کے نکاس کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور الائیڈ محکموں کے افسران و عملہ فیلڈ میں مسلسل متحرک ہیں، اہم شاہراہوں اور نشیبی علاقوں سے پانی کی نکاسی مکمل، چند پوائنٹس پر کلیئرنس جاری ہے۔ تمام اسسٹنٹ کمشنرز، میونسپل کمیٹیز، لوکل گورنمنٹ اور ایریگیشن کا عملہ مشینری کے ہمراہ چاردن سے فیلڈ میں متحرک ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقفے وقفے سے ہونے والی بارش کا موثر انتظام، چند مقامات پر نکاسی آب کا عمل باقی ہے جس کا نکاس جلد یقینی بنایا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کا کامیاب آپریشن جاری ہے۔ بارش کے دوران بھی ایمرجنسی آپریشن مکمل فعال ہے، نکاسی آب میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، ضلع کو بارشی پانی سے جلد پاک کر دیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر اور ایریگیشن کا عملہ مشینری کے ہمراہ چاردن سے فیلڈ میں متحرک ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقفے وقفے سے ہونے والی بارش کا موثر انتظام، چند مقامات پر نکاسی آب کا عمل تیزی سے مکمل کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے بارشی پانی کے نکاس کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور الائیڈ محکموں کے افسران و عملہ فیلڈ میں مسلسل متحرک ہیں، اہم شاہراہوں اور نشیبی علاقوں سے پانی کی نکاسی مکمل، چند پوائنٹس پر کلیئرنس جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کا بارش کے دوران موثر آپریشن جاری ہے۔ ضلع بھر میں نکاسی آب کا عمل تیزی سے مکمل کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو

DAILY QUWAT
# ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

## ملک میں سیاسی آزادی یقینی بنائی جائے!

پاکستان میں شہباز شریف کی حکومت خود کو محفوظ و مضبوط محسوس کر رہی ہے لیکن اس کے ساتھ ہی ملک میں انسانی حقوق کی صورت حال دگرگوں اور آزادی رائے کے امکانات محدود ہوئے ہیں۔ حکومت اگرچہ وسیع تر سیاسی مصالحت کی ضرورت پر زور دیتی ہے لیکن اس کی طرف سے ملک میں سیاسی اختلاف سے قطع نظر مل بل کر کام کرنے کی روایت کو آگے بڑھانے کے لیے کوئی ٹھوس کوشش دیکھنے میں نہیں آئی۔

اس دوران پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق نے ملک میں انسانی حقوق کی صورت حال اور اس کی بہتری کے امکانات کم ہونے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کمیشن نے رواں ماہ کے آغاز میں ایک بیان میں کہا تھا کہ گزشتہ چند ماہ میں اسے غیر قانونی، بلا جواز اور غیر ضروری اقدامات کا سامنا کرنا پڑا ہے، جس سے تنظیم کی اپنی آئینی ذمہ داریاں پوری کرنے کی صلاحیت متاثر ہوئی ہے۔ جمہوری و آئینی انتظام کے تحت کام کرنے والی کسی بھی حکومت کے لیے انسانی حقوق پر کام کرنے والے ملک کے سب سے باوقار و قابل اعتبار ادارے کی طرف سے ایسی تشویش کا اظہار پریشان کن ہونا چاہیے۔ ان حالات میں بنیادی حقوق کی حفاظت اور ان کی نگرانی کرنے والے اداروں کو سہولت و تحفظ فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہونی چاہیے۔

انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں کے حوالے سے شکایات یوں بھی تشویش و پریشانی کا سبب ہیں کہ یہ شکایتیں عام طور سے سیاسی لیڈروں و کارکنوں کے ساتھ برتے جانے والے سلوک کے حوالے سے سننے اور دیکھنے میں آرہی ہیں۔ ملک کی سب سے بڑی پارٹی اور سب سے مقبول لیڈر عمران خان کے ساتھ روا رکھے جانا والا سلوک اس حوالے سے افسوسناک نمونہ ہے۔ اس معاملہ پر صرف یہ کہہ کر جان نہیں چھڑائی جاسکتی کہ تحریک انصاف یک طرفہ پروپیگنڈا کے ذریعے عمران خان کی قید، اور جیل میں میسر سہولتوں کے بارے میں مبالغہ آرائی سے کام لیتی ہے۔ ملک کے سابق وزیر اعظم کو طویل مدت تک غیر واضح اور کمزور مقدمات میں سزائیں دلا کر قید رکھنا اور جیل میں سہولتوں کے بارے میں شکایات کو نظر انداز کرنا کسی بھی حکومت کی بے حسی اور سنگ دلی کا ثبوت ہے۔ یہ حالات جلد از جلد تبدیل ہونے چاہئیں۔

حکومت اگر سمجھتی ہے کہ اس کی طرف سے عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو قواعد کے مطابق مناسب سہولتیں دی جارہی ہیں تو اسے قومی اسمبلی میں ان سہولتوں کی تفصیل پیش کرنی چاہیے۔ تاکہ عوام الناس بھی جان سکیں کہ تحریک انصاف کے شکایت نما 'پروپیگنڈے' اور حکومت کے دعوؤں میں سچائی کو کہاں تلاش کیا جاسکتا ہے۔ لیکن حکومت اگر کوئی وضاحت دینے اور اصل حقائق بیان کرنے کی بجائے شکایات کو جھوٹ کا پلندا قرار دے کر مسترد کرتی رہے گی، تو خود حکومت کا اعتبار کم ہوگا اور اس کی نیک نیتی پر سوال اٹھائے جائیں گے۔ عمران خان کی مثال تو یوں دی گئی ہے کہ وہ تحریک انصاف کے لیڈر اور سب سے زیادہ جانے جانے والے قیدی ہیں۔ لیکن تحریک انصاف کے درجنوں لیڈر اور سینکڑوں کارکن مختلف مقدمات میں طویل مدت سے جیلوں میں بند ہیں۔ اس صورت حال پر حکومت کی یہ وضاحت کافی نہیں ہے کہ عدالتوں نے انہیں سزائیں دی ہیں۔ سوال تو یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان سزاؤں پر اعلیٰ عدالتوں میں اپیلیں کیوں سست روی کا شکار ہیں۔ اس دوران حکومت 26 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے عدالتی فیصلوں اور ججوں پر اثر انداز ہونے کی اپنی سی کوشش کر چکی ہے۔ خاص طور سے اسلام آباد ہائی کورٹ کو 'حکومت دوست' ججوں سے بھرنے کے لیے جو طریقہ کار اختیار کیا گیا ہے، اس سے حکومت کی بدنیتی عیاں ہوتی ہے۔

کوئی بھی سیاسی عناصر خواہ کسی بھی طریقے سے اقتدار میں آئیں انہیں مخالفین کے لیے کچھ نرم گوشہ ضرور اختیار کرنا چاہیے۔ اس کے علاوہ خواہ یہ اقتدار کسی باہر ڈ انتظام کے تحت ہی حاصل کیا گیا ہو لیکن سیاسی حکومتی عہدیداروں کو یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ کوئی بھی سیاسی پارٹی آئینی انتظام، بنیادی حقوق کی صورت حال، سیاسی سرگرمیوں کی آزادی اور تمام سیاسی لیڈروں و کارکنوں کے ساتھ احترام کا رویہ اختیار کر کے ہی طاقت حاصل کرتی ہے۔ کیوں کہ ملک میں کوئی ایمرجنسی یا آمرانہ نظام مسلط نہیں ہے بلکہ جمہوری انتظام کے ذریعے ایک خاص سیاسی گروہ کو مسلط کیا گیا ہے۔ اس مرحلے میں اس انتظام سے استفادہ کرنے والے سیاسی عناصر کو ماضی پر نگاہ ڈالتے ہوئے یاد رکھنا چاہیے کہ ایسی صورت حال کسی بھی سیاسی لیڈر یا پارٹی کو پیش آسکتی ہے۔

یہ تاثر عام ہے کہ عمران خان اور تحریک انصاف کے لیڈروں کو اس وقت ملکی عدالتی نظام میں جس صورت حال کا سامنا ہے، اس کی وجہ حکومتی اثر و رسوخ ہے۔ استغاثہ جان بوجھ کر مقدمات کو الجھاتا ہے اور عدالتی کارروائی کو سست روی کا شکار کیا جاتا ہے۔ کسی ایک لیڈر کو سینکڑوں مقدمات میں نامزد کرنا بجائے خود تکلیف دہ اور مضحکہ خیز ہے۔ اس سے تو یوں لگتا ہے کہ جیسے عمران خان ساری زندگی یہ منصوبہ بندی کرتے رہے کہ 'جب انہیں اقتدار ملے گا تو وہ کیسے ایک کے بعد دوسرا جرم کریں گے'۔

یہ صورت حال موجودہ برسر اقتدار لوگوں کے لیے شرمندگی کا سبب ہونی چاہیے۔ حکومت پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ عمران خان کے علاوہ تحریک انصاف کے تمام لیڈروں اور کارکنوں کو شفاف انصاف فراہم کرنے کا اہتمام کرے۔ اس حوالے سے یہ کہہ دینا کافی نہیں ہوسکتا کہ ملک میں عدالتیں خود مختار ہیں اور عمران خان اور ان کے ساتھی عدالتی احکامات کی وجہ سے ہی قید

## مونالیزا کی مسکراہٹ جیسی بیٹیاں

یاسر پیرزادہ

انڈیا میں ایک بیٹی کو باپ نے گولیاں مار کر ہلاک کر دیا اور پاکستان میں ایک باپ نے بیٹی کی لاش وصول کرنے سے انکار کر دیا۔ یہ دو خبریں ہر کچھ دیر بعد میرے سامنے آجاتی ہیں، میں ان کی تفصیل پڑھتا ہوں اور لرز اٹھتا ہوں۔ رادھیکا کی عمر پچیس سال تھی، وہ ٹینس کھیلتی تھی، اپنے علاقے میں ٹینس کی اکیڈمی بھی چلا رہی تھی، انٹا گرام پر مقبول ہو رہی تھی، کچھ پیسے بھی کما رہی تھی۔ گاؤں والے اُس کے باپ دیپک کو طعنے دیتے تھے کہ وہ بیٹی کی کمائی کھا رہا ہے، ایک روز وہ طیش میں آگیا، بیٹی کچن میں کام کر رہی تھی، اُس نے ریوالور اٹھایا اور پے در پے پانچ گولیاں اپنی بیٹی کو مار دیں، تین گولیاں اُس معصوم کی پشت پر لگیں اور وہ موقع پر ہی ہلاک ہوگئی۔ باپ نے پولیس کے سامنے اعتراف جُرم کر لیا ہے۔

دوسری بیٹی پاکستان کی تھی، حمیرا اصغر نام تھا، اداکاری اور ماڈلنگ کا شوق تھا جس کی تکمیل کے لیے وہ لاہور سے کراچی منتقل ہو گئی تھی، گھر والوں نے عملاً قطع تعلق کر رکھا تھا، بات وہی کہ شریف گھرانے کی لڑکی ہو کر شوبز میں کیوں گئی۔ ماں کے عالمی دن کے موقع پر انسٹا گرام پہ نہایت محبت سے اپنی ماں کی تصویر لگائی اور بچپن کے دنوں کو یاد کیا جب وہ ماں کی گود میں کھیلا کرتی تھی۔ اِس حمیرا اصغر کی لاش آٹھ ماہ تک اُس کے اپنے فلیٹ میں گلتی سڑتی رہی، دنیا کو خبر نہ ہوئی، نہ خاندان میں سے کسی نے پروائی کہ اُن کی بیٹی کس حال میں ہے۔ فلیٹ کا دروازہ توڑا گیا تو وہاں مردہ حالت میں پائی گئی، اُس کے گھر والوں سے رابطہ کیا تو باپ نے لاش وصول کرنے سے انکار کر دیا، تاہم بعد میں بھائی نے کراچی آ کر لاش وصول کی اور لاہور میں تدفین کی۔

جب سے میں نے یہ دونوں خبریں پڑھی ہیں میرے دماغ میں فلم چل رہی ہے۔ رادھیکا اپنے گھر کے کچن میں برتن دھو رہی ہے مگر اُس غریب کو کچھ پتا نہیں کہ چند لمحوں بعد اُس کا اپنا باپ پستول لے کر آئے گا اور اسے گولیاں مار دے گا۔ جب رادھیکا کو اُس کے باپ نے گولیاں ماری ہوں گی تو ایک مرتبہ تو اُس بچی نے تڑپ کر باپ کی آنکھوں میں دیکھا ہوگا اور پوچھا ہوگا کہ آخر میرا قصور کیا ہے، مگر جواب ملنے سے پہلے ہی وہ اپنے بھگوان کے پاس چلی گئی۔ یہ کیسی دنیا ہے، یہ کیسا باپ ہے، والد تو اپنی بیٹیوں پر جان چھاور کر دیتے ہیں، باپ تو بیٹیوں کے لیے پوری دنیا سے لڑ جاتے ہیں، یہ کون لوگ ہیں جو اِس قدر وحشی ہیں کہ بیٹیوں کو محض اِس بات پر قتل کر دیتے ہیں کہ وہ ذرا سی مرضی کیوں کر لیتی ہیں۔

حمیرا کا گناہ بھی یہی تھا، اپنی زندگی جینے کی کوشش کیوں کی! ایک باپ کو خبر موصول ہو کہ اُس کی بیٹی کی لاش ملی ہے اور وہ جواب دے کہ میرا اُس سے کوئی تعلق نہیں، یہ بات کہنے سے پہلے اُس کا کلیجہ کیوں نہیں پھٹ گیا، کوئی اپنی بیٹی سے اتنی نفرت کیسے کر سکتا ہے، میں یہ بات سمجھنے اور سوچنے سے قاصر ہوں۔ شکر ہے کہ اُس کے بھائی نے کچھ damage control کیا اور بالآخر بہن کی تدفین کی مگر یہی بھائی اگر آٹھ ماہ پہلے کراچی آجاتا تو وہ اپنی بہن کو زندہ سلامت دیکھ سکتا تھا، اُس کی کامیابی کے لیے دعا گو ہو سکتا تھا، اُس کی آنکھوں میں خوشی دیکھ کر اُسے دعا دے سکتا تھا، مگر 'ہمیشہ دیر کر دیتے ہیں ہم'!

نصرت فتح علی خان کا مشہور گانا ہے 'دُلہے کا سہرا سہانا لگتا ہے'۔ اِس گانے سے متعلق ایک واقعہ مشہور ہے کہ گاتے گاتے خاں صاحب کی آواز بھرا گئی اور انہیں کئی مرتبہ ری ٹیک کرنی پڑی، وجہ گانے کے بول تھے کہ 'میں تیری بانہوں کے جھولے میں پلی بابل، جا رہی ہوں چھوڑ کے تیری گلی بابل'، خوبصورت یہ زمانے یاد آئیں گے، چاہ کے بھی ہم تمہیں نہ بھول پائیں گے'۔ کہتے ہیں کہ نصرت صاحب گاتے گاتے ہوئے بار بار رو پڑتے تھے، انہیں اپنی بیٹی یاد آجاتی تھی، موسیقار نے کہا کہ خاں صاحب آج رہنے دیں، کسی اور دن ریکارڈ کر لیں گے، انہوں نے جواب دیا کہ اگر آج یہ گانا ریکارڈ نہ ہوا تو پھر کبھی نہیں ہو سکے گا۔ انسٹا گرام پر کسی نے اِس گانے کے ساتھ نصرت صاحب اور اُن کی لاڈلی بیٹی کی تصاویر لگائی ہیں جن میں وہ اُن کی گود میں بیٹھی کھیلتی نظر آرہی ہے، اور اُس وقت نصرت صاحب کے چہرے پر جو مسکراہٹ ہے وہ کبھی اُن کی کسی تصویر میں نظر نہیں آئی۔ میرے جیسے بندے کی آنکھیں نم ہوگئیں۔

ایک اور منظر مجھے کبھی نہیں بھولتا۔ لاہور کی سب سے مہنگی شاہراہ پر، جس کے چاروں جانب بلند و بالا عمارتیں ہیں، جہاں امرا کھڑے کھڑے لاکھوں کی خریداری کرتے ہیں اور جہاں قطار اندر قطار بیش قیمت گاڑیاں نظر آتی ہیں، وہاں ایک غریب شخص سائیکل پر اپنی سال ڈیڑھ سال کی بچی کو بٹھائے آہستہ آہستہ جا رہا ہے، بچی دائیں بائیں حیرت سے لوگوں کو دیکھ رہی ہے، اُس کے چہرے پر مونا لیزا جیسی مسکراہٹ ہے، باپ کے چہرے پر اطمینان ہے مگر نہ جانے کیوں جب میں نے انہیں دیکھا تو کانپ اٹھا اور سوچنے لگا کہ کل کو جب اِس سفاک دنیا میں بچی کا باپ نہیں ہوگا تو ماں کے جیسی یہ ریاست اِس کے ساتھ کیا سلوک کرے گی، انسانوں کے بھیس میں بھیڑیوں سے یہ خود کو کیسے محفوظ رکھے گی، اِس بچی کا مستقبل کیا ہوگا! مجھے جھرجھری سی آگئی۔ کبھی کبھی مجھے یہ بھی خیال آتا ہے کہ ہمیں بچے

## عورت کی معاشی خود مختاری کے تصور میں ایک اعتراض کا پیراڈاکس


حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

''ایک مرد ساری عمر بیوی بچے پالتا ہے، پر جیسے ہی یہ نظام عورت کو چلانا پڑے تو لعن طعن شروع ہو جاتی ہے۔''

اس جملے میں الفاظ اور گرائمر کے ذریعے ایک معنیٰ تشکیل دیا گیا ہے۔ یہ معنیٰ ''جلی حروف'' میں ہے۔ یعنی اس تک پہنچنے کے لیے ''گہرائی'' میں نہیں سوچنا پڑتا۔ اور ایک ایسا معنیٰ جو بظاہر یعنی فوری طور پر بالکل درست لگتا ہے، جو ایک سماجی حقیقت معلوم ہوتی ہے۔ لیکن اس میں سارے الفاظ۔ مرد، بیوی، پرورش (پالنا)، نظام، عورت، لعن طعن سماجی طور پر بنائے گئے (تشکیل شدہ) ہیں۔ یعنی لفظ مرد یا عورت انسانی بدن کی طرح، یا کسی درخت یا پتھر کی طرح، فطرت کا مظہر نہیں ہے۔ انسان نے ہزاروں سال کی زندگی میں بود و باش کے دوران زبان کی صلاحیت کے ساتھ یہ لفظ اور اس سے جڑے تصورات اور معنیٰ خود بنائے ہیں۔ الفاظ اور اس کے معنیٰ انسانوں کے بنائے ہوئے ہیں، اور الفاظ اور معنیٰ میں رشتہ فطری نہیں ہوتا (یعنی فطرت کا دیا ہوا نہیں ہوتا جو پتھر کی طرح ٹھوس شے ہو، جو ہمیشہ پتھر ہی کی طرح جامد رہے)، اس لیے مذکورہ بالا افتتاحی جملہ جو معنیٰ دے رہا ہے وہ بھی کوئی ٹھوس حقیقت نہیں ہے۔

جملے کو توڑ کر دیکھیں: ''ایک مرد ساری عمر بیوی بچے پالتا ہے'' ایسا مرد اس لیے کرتا ہے کیوں کہ معاشرے نے اس کے لیے یہ ذمہ داری ''ہمیشہ کے لیے'' متعین کر دی ہے۔ وہ مرے یا جیے اسے یہی کرنا ہے۔ اس کے لیے اسے اپنی سوچ، اپنی خواہشات، اپنے نفسیاتی میلانات، اپنی جسمانی ضرورتیں تج دینا پڑ جاتی ہیں۔ صرف یہی نہیں، اسے ہزاروں سال سے دن رات یہ سبق پڑھایا جا رہا ہے کہ وہ ''مرد'' ہے، اس کا کام ''بیوی بچے پالنا'' ہے۔ یہ کردار جسمانی نہیں ہے بلکہ صنفی ہے یعنی بلاشبہ، نر جسمانی طور پر لاکھوں سال سے مادہ سے مختلف چلا آرہا ہے۔ لیکن اس کا ''کردار'' جسمانی نہیں صنفی ہے۔

یہ وزن، عضلاتی طاقت، کمر، ہپلوک (پیڑو) کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں۔ یہ فرق جینیاتی ہے۔ ارتقائی ہے۔ اس میں معاشرتی ''کردار'' کا کوئی ہاتھ نہیں ہے۔ یعنی سیدھا چلنے، شکار، حمل اور دودھ پلانے کی ضرورت نے جسمانی طور پر انسان کو مخصوص شکل دی۔ لیکن اس جسمانی فرق کو مخصوص سماجی ترتیب'' فطرت نے نہیں، بلکہ آدمیوں نے اس وقت سے دینا شروع کی، جب سے اس نے گروہوں کی شکل میں رہنا شروع کیا اور رشتوں اور تعلقات کی نئی اور زیادہ وسیع شکلیں بننے لگیں۔

پھر زبان نے اس فرق کو اور وسیع کیا، یہاں تک کہ کردار ''باقاعدہ'' طور پر بانٹ دیے گئے۔ ایسے الفاظ بنائے گئے جو حتمی اصول سمجھے گئے۔ یعنی مادہ ہر حال میں ایک ہی طرح کا کام کرے گی، اور یہ ہر حال میں دوسری طرح کے کام کے میدان سے دور رہے گی۔ اگر یہ پابندی جسمانی سطح کی ہو، تو یہ مادہ کا اپنا جسمانی تقاضا ہو سکتا ہے۔ لیکن یہ پابندی سماجی ہو تو پھر یہ مادہ پر مسلط کردہ تقاضا ہے۔ انسان پر گزری تاریخ کے ہر دور میں مادہ نے نر کے ساتھ ساتھ ہر میدان میں اپنی کارگزاری دکھائی۔

آثار قدیمہ اس کے بھرپور اور ناقابل تردید ثبوت فراہم کرتے ہیں۔ پیرو کی تقریباً 9 ہزار سال پرانی ولامایا سائٹ سے ملنے والی شکاری عورت کی باقیات اس کی ایک مثال ہے۔ جدید تحقیق بتاتی ہے کہ (جسمانی ساخت کے باوجود۔ اور اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ جسمانی فرق فخر کے لیے معمولی سا بھی سہارا فراہم نہیں کرتا) ابتدائی انسانوں میں خوراک کا بڑا حصہ عورتیں جمع کرتی تھیں (مرد کے شکار والے حصے کے ساتھ ساتھ)۔

اور زرعی انقلاب تو ایسا لگتا ہے کہ عورت کے کندھوں ہر دھرا ہوا ہے۔ کھیتی باڑی کا نصف سے زیادہ کام عورت کے ذمے تھا۔ صرف جانور ہی نہیں پالے، انسانیت کو برتن بنانا اس نے سکھایا، کپڑا بننے کی صلاحیت اس نے پیدا کی۔ آثار قدیمہ میں اس کے بے تحاشا ثبوت میسر ہیں۔

جس طرح مذکورہ بالا مخصوص طور پر بنایا ہوا جملہ ''روایتی سوچ'' پر مبنی ہے، اسی طرح روایتی تاریخ نے عورت کو جنگ کے میدان سے دور دکھایا ہے۔ یہ بھی اس جملے کی طرح فطری ''سچ'' نہیں ہے۔ آثار ثبوت فراہم کرتے ہیں کہ خانہ بدوش عورتیں اس میدان میں بھی مردوں کے ساتھ ساتھ رہیں۔ کیا ہم یہاں خود سے یہ سوال نہ کر لیں کہ کیا یہ عورتیں جسمانی طور پر مردوں سے مختلف نہ تھیں۔ بالکل تھیں۔ یہ عورتیں اس وقت بھی بچے پیدا کرتی تھیں، انہیں دودھ پلاتی تھیں۔ لیکن پھر حقیقت یہ تھی کہ فرق جسمانی تھا لیکن معاشرتی نہیں تھا، فرق باقاعدہ ترتیب دے کر بانٹا ہوا نہیں تھا، فرق زبان کے الفاظ اور معنیٰ نے پیدا نہیں کیا تھا۔

گیارہویں صدی تک کے وائکنگز ہی نہیں، یونانی اساطیر میں امیزون وارئرز بھی صرف کہانیاں نہیں ہیں۔ لیکن جسمانی فرق کو رفتہ رفتہ معاشرتی فرق میں تبدیل کیا گیا۔ زبان کے ذریعے اسے ''ہمیشگی'' اور ''الوہی'' سطح فراہم کی گئی۔ یہاں تک کہ زرعی دور میں عورتوں کا کردار گھریلو دائرے تک محدود کر دیا گیا۔ سماجی تاثر نے اس پر مہر ''تصدیق'' ثبت کر دی۔

اس بشریاتی (Anthropological) پس منظر پر ایک نگاہ دوڑانے کے بعد اب اس جملے پر ایک بار پھر نگاہ دوڑائیں: ''ایک مرد ساری عمر بیوی بچے پالتا ہے، پر جیسے ہی یہ نظام عورت کو چلانا پڑے تو لعن طعن شروع ہو جاتی ہے۔'' اس میں آپ کو آدمی مرد کی وہ طویل نفسیاتی آبیچ دکھائی دے گی جس کے سبب وہ خود کو ''مرد'' کے منصب پر الوہی طور پر ''فائز'' سمجھتا ہے۔

جیسے ہی دونوں اکائیوں میں معمولی سطح کا جھگڑا رونما ہوتا ہے، نر آدمی اپنی بڑائی کو فطری سمجھتے ہوئے مادہ آدمی کو اس کی حیثیت جتانے لگ جاتا ہے، بار بار یاد دہانی کراتا ہے کہ وہ اس کا ''پالن ہار'' ہے۔ اس لیے دنیا کے ہر معاشرے میں چیختا چلاتا مرد ہی کا زیادہ ''حق'' بنتا دکھائی دیتا ہے۔ یہ ''حق'' اسے اس کی معاشی ''خود مختاری'' نے دیا ہے۔ عورت کو معاشرے نے ایک تو اس حق سے باقاعدہ طور پر محروم کیا ہوا ہے، دوم اگر اسے یہ کسی طرح مل جاتا ہے تو اس کے روایتی اظہار (جو وہ مرد کے عمل اور رویے میں دیکھتی آرہی ہے) پر یہی مرد اعتراض وارد کر دیتا ہے۔

اب اس جملے کو پھر سے پڑھیں: ''ایک مرد ساری عمر بیوی بچے پالتا ہے، پر جیسے ہی یہ نظام عورت کو چلانا پڑے تو لعن طعن شروع ہو جاتی ہے۔''

کیا یہ اب آپ کو اپنے آپ میں ایک پیراڈاکس دکھائی نہیں دے رہا؟ یعنی جس عمل کے لیے عورت کو مطعون کیا جا رہا ہے، وہی عمل خود دراصل مرد کر رہا ہے۔

## علاقائی صحافت میں نامہ نگاروں کی مثالی خدمات


ایوان اقتدار سے
غلام مرتضیٰ باجوہ
gmbajwa77@gmail.com

غلام مرتضیٰ باجوہ

صحافت صرف پیشہ نہیں، ذمہ داری ہے۔ یہ شعبہ معاشرے کا آئینہ بھی ہے اور اس کی سمت متعین کرنے والا قطب نما بھی۔ قومی سطح پر جہاں مرکزی میڈیا ادارے بڑے شہروں میں بڑے بڑے دفاتر اور وسائل کے ساتھ کام کر رہے ہیں، وہیں دیہی و نیم شہری علاقوں میں بے سروسامانی، محدود وسائل اور مالی مشکلات کے باوجود کچھ ادارے ایسی مثالی خدمات سرانجام دے رہے ہیں جو نہ صرف خراج تحسین کے مستحق ہیں بلکہ حکومتی سرپرستی اور عوامی اعتراف کا تقاضا بھی کرتے ہیں۔ ان میں قلعہ احمد آباد پریس کلب رجسٹرڈ کا نام سرفہرست ہے۔

علاقائی صحافت کی اصل طاقت اس کا عوامی رابطہ، زمینی حقیقتوں سے جڑا ہوا مشاہدہ اور عوامی مسائل کو براہ راست اجاگر کرنے کی صلاحیت ہے۔ یہی وصف قلعہ احمد آباد پریس کلب رجسٹرڈ کی شناخت ہے، جس نے اپنے قیام سن 2000ء سے لے کر آج 12 جولائی 2025ء تک مسلسل 25 سال نہ صرف صحافت کی شفاف اقدار کو زندہ رکھا بلکہ تمام تر مشکلات کے باوجود اپنے علاقے کی آواز کو موثر انداز میں بلند کیا۔

اس ادارے کی بنیاد ایک صاحب بصیرت اور بیدار مغز شخصیت ڈاکٹر عبدالخالق چودھری نے رکھی، جنہوں نے اس وقت علاقائی صحافت کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے ایک ایسا پلیٹ فارم تشکیل دیا جس نے قلعہ احمد آباد اور گردونواح کے مسائل کو تحریری صورت میں ریکارڈ پر لایا، حکومتی اداروں کو متوجہ کیا، اور عوام میں صحافتی شعور اجاگر کیا۔ ان کی قیادت میں قلعہ احمد آباد پریس کلب نے خود کو کبھی محض ایک پریس کلب تک محدود نہیں رکھا، بلکہ ایک ایسا متحرک فلاحی، سماجی اور صحافتی ادارہ بنا جو عوام کی آواز بھی بنا اور عوامی مسائل کا ترجمان بھی۔

وقت کے ساتھ ساتھ قلعہ احمد آباد پریس کلب سے وابستہ کئی ایسی شخصیات دنیا سے رخصت ہو چکی ہیں جنہوں نے اپنی زندگیاں صحافت کے لیے وقف کر دی تھیں۔ خواجہ محمد اسلم لون، فہیم احمد باجوہ، صابر بٹ اور سید مبارک حسین شاہ چوہدری محمد سرور، ڈاکٹر محمد انور چدھری، سید امتیاز علی حکیم محمد افضال اور باسط محمود قابل ذکر ہیں۔ یہی وہ لوگ تھے جنہوں نے ادارے کی بقاء کے لیے مالی، فکری اور اخلاقی تعاون فراہم کیا، اور جب بھی ادارہ کسی بحران سے دوچار ہوا، اپنے تجربے، وقت اور وسائل کو پیش کیا۔

قلعہ احمد آباد پریس کلب رجسٹرڈ نے اپنے مالی معاملات کو ہمیشہ شفاف رکھا۔ گزشتہ 25 سالوں کے دوران ادارے کو جو محدود مالی معاونت ملی، اس کی تفصیل عوام کے سامنے پیش کرنا ایک ایسا جرات مندانہ اور ایماندارانہ عمل ہے جو دیگر اداروں کے لیے قابل تقلید ہے۔ جس کا سہرا ڈاکٹر عبدالخالق چوہدری صدر پریس کلب کے سر ہے کل مالی معاونت 75,500 روپے ہے، عطیہ کنندگان اور ان کی مالی معاونت درج ذیل ہے۔ چودھری سرفراز احمد باجوہ چیئرمین پریس کلب نارووال 2000 روپے 27 فروری 2005ء، محمد اسلم شاہ شیرازی ناظم یونین کونسل فلیز پور 5000 روپے 11 مارچ 2005ء، سید ضیاء حسین شاہ جنرل کونسلر سینگ فین تقریباً 1000 روپے، میاں بشیر احمد انجم 500 روپے 22 مئی 2005ء، چودھری دلدار احمد باجوہ سابق ممبر ڈسٹرکٹ کونسل نارووال 5000 روپے 17 اگست 2005ء، احتشام بٹ صدر انجمن تاجران 10000 روپے 14 ستمبر 2023ء، میاں شکیل احمد معروف سماجی شخصیت 50000 روپے 29 اکتوبر 2024ء اور محمد عمران محمود 5000 روپے۔

ادارے کی مضبوطی ہمیشہ ٹیم ورک کا نتیجہ ہوتی ہے۔ قلعہ احمد آباد پریس کلب کے وہ سابق اراکین جنہوں نے مختلف ادوار میں اپنی خدمات سرانجام دیں، صحافت کے قافلے کے ہمسفر رہے اور ادارے کے استحکام میں بنیادی کردار ادا کیا، ان میں ایم ایچ شاہ، عاطف نوید شیخ، عارف اے بھٹی، سید عارف نوناری، نیاز حسین

## ڈالر کی بادشاہت: دیکھئے کون کس پر غالب آتا ہے


تحریر
روپ چند سکرانی

یورپ کے اہم ملکوں کو دوسری جنگ عظیم میں شدید نقصان پہنچا جس کے سبب وہ ایشیا، افریقہ اور لاطینی امریکہ کی نو آبادیوں پر اپنا قبضہ برقرار نہ رکھ سکے اور قومی آزادی کی تحریکوں کے سامنے پسپا ہونے لگے۔ اگرچہ دوسری جنگ عظیم میں سوویت یونین نے اتحادی طاقتوں کے ساتھ مل کر محوری طاقتوں کی شکست میں اہم کردار ادا کیا تھا لیکن یہ دوستانہ تعاون دیرپا ثابت نہیں ہو سکا کیونکہ سوویت یونین نے آزادی کی تحریکوں کی زبردست حمایت شروع کر دی جس سے امریکہ اور سوویت یونین کے درمیان سرد جنگ کا آغاز ہوگیا۔ اس وقت سوویت یونین، سائنس و ٹیکنالوجی کے میدان میں امریکہ اور اس کے یورپی اتحادیوں کا ہم پلہ نہیں تھا اور فوجی اعتبار سے مغرب کے لئے بڑا خطرہ نہیں بنا تھا۔ اس لیے سرد جنگ میں بھی زیادہ شدت پیدا نہیں ہوئی۔

تاہم، سوویت یونین نے 5 اکتوبر 1957 کو اچانک دنیا کا پہلا مصنوعی سیارہ سپوتنک۔ 1 زمین کے مدار میں بھیج کر امریکہ اور یورپ کو شدید حیرت اور خوف میں مبتلا کر دیا۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں سوویت یونین کی اس غیر معمولی کامیابی کے بعد امریکہ نے عالمی سطح پر پہلی بار اسے اپنے لئے فوجی، سیاسی اور معاشی طور پر ایک حقیقی خطرہ سمجھنا شروع کر دیا۔

دونوں ملکوں کے درمیان خلائی دوڑ کا آغاز ہوا۔ جنون کی حد تک پہنچے والے مقابلے کے باعث سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں بھی ترقی کا عمل کافی تیز ہوگیا جس نے بعد ازاں، ٹیکنالوجی کے اس حیرت انگیز انقلاب کو جنم دیا جو 21 ویں صدی کے آغاز سے پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے چکا ہے۔ اس انقلاب نے عالمی جنوب کے غریب ملکوں میں معاشی ترقی کے حیرت انگیز معجزے رونما کر دیے اور دنیا میں ابھرتی ہوئی معیشتوں کی تعداد تیزی سے بڑھنے لگی۔

معاشی طور پر ابھرتے ہوئے یہ ملک سرد جنگ دور کی دو قطبی دنیا کے تلخ تجربے سے گزر چکے ہیں لہٰذا وہ موجودہ دور کی دو عظیم معاشی اور فوجی طاقتوں، امریکہ اور چین میں سے کسی طاقت کا مہرہ نہیں بننا چاہتے۔ انہیں علم ہے کہ اب وہ خود ترقی یافتہ ممالک کی ضرورت بن چکے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ چین اور روس برکس کے اہم اور بانی رکن ہیں لیکن اس تنظیم میں ان کو ویٹو کا اختیار حاصل نہیں ہے۔ یہ دونوں طاقت ور ملک جانتے ہیں کہ سرد جنگ کے بعد اس عالمی سیاسی اور معاشی نظام کی گرفت کمزور ہو رہی ہے جس پر امریکہ کی بالا دستی تھی اور توانائی کے لیے جس کا انحصار تیل اور گیس جیسے مہنگے قدرتی ایندھن پر تھا۔ اب انتہائی سستی ماحول دوست متبادل انرجی تیزی سے اس کی جگہ لے رہی ہے۔ اسی باعث، برکس میں شامل ملک سولر انرجی کی پیداوار اور استعمال میں برق رفتار اضافہ کر رہے ہیں۔ چین نے 1 ٹیرا واٹ (TT) شمسی توانائی پیدا کر کے دنیا کو حیرت میں ڈال دیا ہے۔ بھارت 119 گیگا واٹ (GW) پیدا کر کے عالمی درجہ بندی میں چوتھے درجے پر آگیا ہے۔ قابل تجدید صاف توانائی کے اہم ذرائع میں سولر، ونڈ، ہائیڈرو، جیوتھرمل اور بائیو ماس شامل ہیں۔ یورپی یونین کے بعد برکس کے ملک دنیا میں سب سے زیادہ قابل تجدید توانائی پیدا کرتے ہیں۔ برازیل اپنی توانائی کی کل ضرورت کا 80 اور ایتھوپیا 100 فیصد مذکورہ ذرائع سے پوری کرتا ہے۔ یہ ملک اب برکس کی شکل میں، مغرب کی جانب سے دنیا پر 80 سال سے نافذ غیر منصفانہ عالمی معاشی نظام کی جگہ ایسا متبادل نظام تشکیل دینا چاہتے ہیں جس پر نہ کسی ایک ملک کی بالادستی ہو اور نہ ہی جسے تجارتی اور اقتصادی پابندیوں کے لیے استعمال کیا جا سکے۔

مذکورہ بالا حقائق کے تناظر میں برازیل کے دارالحکومت ریوڈی جینرو میں منعقد ہونے والا برکس کا 17 واں سربراہی اجلاس غیر معمولی اہمیت کا حامل تھا۔ بیسویں صدی کے ازکار رفتہ ہوتے عالمی معاشی، تجارتی اور سیاسی نظام کے بطن سے جو نیا عالمی نظام جنم لے رہا ہے اس کی تشکیل میں برکس ہراول دستے کا کردار ادا کر رہی ہے۔ اس بین الاقوامی تنظیم کے دس مکمل ارکان میں برازیل، روس، انڈیا، چین، جنوبی افریقہ، متحدہ عرب امارات، مصر، ایران، ایتھوپیا اور انڈونیشیا شامل ہیں۔ تنظیم کے دس پارٹنر ملکوں میں کیوبا، بیلاروس، ملائشیا، قازقستان، نائجیریا، تھائی لینڈ، یوگنڈا، ویت نام اور ازبکستان شامل ہیں جب کہ الجیریا اور ترکی کو مبصر پارٹنر ملک کا درجہ دیا گیا ہے۔

عالمی جی ڈی پی میں دنیا کے ترقی یافتہ ترین سات ملکوں (جی۔ 7) کے 30 فیصد کے مقابلے میں برکس ممالک کا حصہ 44 فیصد ہے۔ یہ تنظیم دنیا کی 56 ف

# قوت

# SPORTS







کین بیکر آسٹریلیا میں قدوس بینک ایرینا میں اپنے ہیوی ویٹ مقابلے کے دوران جوہن لنڈے کو مکے مارے رہے ہیں

## جیمز اینڈرسن اور روکی فلنوف کو ''دی ہنڈرڈ'' میں وائلڈ کارڈ مل گیا

لندن (این این آئی) سابق انگلش فاسٹ بولر جیمز اینڈرسن اور روکی فلنوف نے دی ہنڈرڈ کے لیے مختلف فرنچائز سے وائلڈ کارڈ معاہدے حاصل کر لیے۔ اینڈرسن کو مانچسٹر اوریجنلز نے منتخب کرلیا، تجربہ کار پیسر نے انگلش ٹی 20 بلاسٹ میں لارنس کے لیے 8 میچز میں 14 وکٹیں حاصل کیں۔ دوسری جانب، 17 سالہ روکی فلنوف کا ناردرن سپر چارجرز کے ساتھ معاہدہ ہوگیا، ان کے والد اینڈریو فلنوف اسی فرنچائز کے ہیڈ کوچ بھی ہیں۔ اینڈرسن کو مارچ میں ڈرافٹ میں منتخب نہ ہونے کے بعد وائلڈ کارڈ کے ذریعے 31 ہزار پاؤنڈ کے عوض اپنایا گیا، دی ہنڈرڈ کے پانچویں سیزن کا آغاز 5 اگست 2025 سے ہوگا۔




گھوڑا سوری پولیو کھیل رہے ہیں

## بھارت کو چوتھا ٹیسٹ ہرا کر سیریز میں 3-1 کی فیصلہ کن برتری حاصل کریں گے، جوروٹ

**مکمل طور پر فٹ ہیں اور مہمان ٹیم کے خلاف 5 ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے چوتھے میچ میں شرکت کے منتظر ہیں**

مانچسٹر (این این آئی) انگلینڈ کی مردوں کی قومی کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز بلے باز جوروٹ نے کہا ہے کہ مہمان بھارتی ٹیم کو تیسرے ٹیسٹ میچ میں شکست دینے کے بعد ان کی ٹیم کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔ 34 سالہ بیٹر نے کہا کہ بھارت کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے چوتھے میچ کے لئے ان کی ٹیم سخت تیاریوں میں مصروف ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی ٹیم کو شکست دینا آسان نہیں ہے تاہم ان کی ٹیم نے سیریز کے آئندہ میچ سے قبل بھرپور تیاری شروع کردی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی ٹیم میں ایسے کھلاڑی موجود ہیں جو کسی بھی وقت میچ کا پانسہ پلٹنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وہ بھارتی ٹیم کے خلاف چوتھے ٹیسٹ میچ میں بھی اپنی شاندار کارکردگی کی بدولت ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے خلاف پانچ ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں 2-1 کی برتری سے ٹیم کا مورال بلند ہوا ہے۔ انگلینڈ کی ٹیم نے بھارت کو تیسرے ٹیسٹ میچ میں 22 رنز سے شکست دی تھی۔ دائیں ہاتھ کے بلے باز جوروٹ نے کہا کہ وہ مکمل طور پر فٹ ہیں اور مہمان ٹیم کے خلاف 5 ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے چوتھے میچ میں شرکت کے منتظر ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بھارت کو آئندہ میچ میں شکست دے کر سیریز میں اپنی برتری کو فیصلہ کن بنائیں گے۔ انہوں نے اپنی ٹیم کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کے خلاف سیریز میں کامیابی کے لئے ٹیم کو آئندہ میچ میں تینوں شعبوں میں سو فیصد کارکردگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ واضح رہے کہ انگلینڈ اور بھارت کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان پانچ ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا چوتھا میچ 23 سے 27 جولائی تک ایمریٹس اولڈ ٹریفورڈ، مانچسٹر میں کھیلا جائے گا۔

## بال ٹیمپرنگ کرکٹ کے ابتدا سے موجود ہے، ایک خطے تک محدود نہیں، قمر احمد

**مغربی ٹیمیں اور کرکٹ بورڈز اکثر پاکستانی اور دیگر ایشیائی کھلاڑیوں کو نشانہ بناتے رہے ہیں، انٹرویو**

کراچی (این این آئی) معروف اسپورٹس جرنلسٹ اور بین الاقوامی کرکٹ کمنٹیٹر قمر احمد نے کہا ہے کہ "بال ٹیمپرنگ" کا سلسلہ کرکٹ کی ابتدائی تاریخ سے موجود ہے، مغربی ٹیمیں اور کرکٹ بورڈز اکثر پاکستانی اور دیگر ایشیائی کھلاڑیوں کو نشانہ بناتے رہے ہیں، میچ فکسنگ ایک عالمی مسئلہ ہے اور اسے کسی ایک خطے تک محدود نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے یہ بات منگل کو لیاقت نیشنل ہسپتال کی جانب سے ان کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کی۔ اس تقریب کی میزبانی ہسپتال کے ڈائریکٹر ڈاکٹر سلمان فریدی نے کی، جس میں سابق ٹیسٹ کرکٹرز صادق محمد، توصیف احمد سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔ قمر احمد نے کہا کہ ویسٹ انڈیز اور دیگر مغربی ممالک کے امپائرز ماضی میں متعصبانہ فیصلے کرتے رہے ہیں، مگر پاکستانی اور ایشیائی امپائرز کو زیادہ سخت تنقید کا نشانہ بنایا جاتا رہا ہے۔ اپنی خود نوشت "For More Than Game" سے متعلق سوالات کے جواب میں انہوں نے اپنی 55 سالہ صحافتی زندگی کے تجربات بیان کئے، جن میں بی بی سی سمیت عالمی میڈیا اداروں کے لیے فری لانس صحافت کا ذکر شامل تھا۔ انہوں نے کرکٹ کے عظیم کھلاڑیوں کا ذکر کرتے ہوئے وسیم اکرم اور وقار یونس کو دنیا کے خطرناک ترین فاسٹ باؤلرز قرار دیا جبکہ محمد زاہد کو پاکستان کا ایک نہایت تیز رفتار باؤلر قرار دیا۔ بیٹنگ کے شعبے میں حنیف محمد، ظہیر عباس اور جاوید میانداد کو دنیائے کرکٹ کے بہترین بلے بازوں میں شمار کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ سابق برطانوی وزیرِ اعظم جان میجر کے ساتھ بھی کرکٹ کھیلے ہیں جبکہ صحافتی کیریئر کے دوران دنیا کے کئی سرکردہ رہنماؤں سے ملاقاتیں بھی ہوئیں۔ قمر احمد نے ایک یادگار واقعہ سناتے ہوئے بتایا کہ 1950 کی دہائی میں ان کے والد جو ایک ڈینٹل سرجن تھے، نے راولپنڈی سازش کیس میں قید شخصیات جن میں نامور شاعر فیض احمد فیض بھی شامل تھے، کا علاج حیدر آباد سینٹرل جیل میں کیا۔ انہوں نے بتایا کہ اس موقع پر حسین شہید سہروردی ان کے والد سے ملاقات کے لیے آئے تھے تاکہ قیدیوں کی خیریت معلوم کر سکیں۔ سہروردی بعد ازاں پاکستان کے وزیر اعظم بنے نے برطانوی شاہی خاندان اور پاک وہند کے مشہور فلمی ستاروں راج کپور، دلیپ کمار، امیتابھ بچن، ششی کپور، محمد علی اور اعجاز سے ملاقاتوں کا بھی ذکر کیا۔ قمر احمد نے ظہیر عباس کو نہایت دلکش اور مکمل بلے باز قرار دیا اور ان کی 108 فرسٹ کلاس سنچریوں کے ناقابلِ شکست ریکارڈ کو سراہا۔ انہوں نے مجید خان کو ایک پروقار اور شاندار کرکٹر قرار دیا۔

## بھارت کیخلاف ٹیسٹ سیریز کے بعد جوفرا آرچر نے اپنا اگلا ہدف بتا دیا

کراچی (این این آئی) بھارت کے خلاف لارڈز میں شاندار بولنگ کرنے والے انگلش پیسر جوفرا آرچر باقی میچز کھیل کر ایشز سیریز میں بھی شرکت کرنے کے آرزومند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں ہر ممکن کوشش کر کے آسٹریلیا کا رخ کروں گا۔ آرچر نے لارڈز میں 5 وکٹیں اڑائیں اور انگلش کرکٹ میں سب سے تیز اوور (39.2 اوورز) کا ریکارڈ بنایا۔ انگلش پیسر کا کہنا تھا کہ میری نظریں آسٹریلیا کے خلاف روایتی ایشز سیریز پر مرکوز ہیں، میں نومبر میں ان مقابلوں کے لیے آسٹریلیا کا سفر بھی ممکن بنانا چاہوں گا۔ واضح رہے کہ جوفرا آرچر کو بھارت کے خلاف تیسرے ٹیسٹ میں شامل کیا گیا تھا

## آسٹریلیا سے شرمناک شکست، ویسٹ انڈیز بورڈ نے سابق عظیم کرکٹرز کی ہنگامی میٹنگ بلا لی

**مشاورت کے لیے سابق کرکٹرز برائن لارا، کلائیو لائیڈ اور ویوین رچرڈز کو مدعو کیا گیا ہے**

## ہر ویسٹ انڈین فین کی طرح مجھے بھی اس شکست نے بہت تکلیف دی، ویسٹ انڈین بورڈ چیف

کراچی (این این آئی) آسٹریلیا سے ٹیسٹ میں شرمناک شکست پر کرکٹ ویسٹ انڈیز نے فوری ایکشن لیتے ہوئے ہنگامی میٹنگ طلب کرلی، جس میں خطے کے سابق عظیم کھلاڑی مدعو کیے جائیں گے۔ ڈبلیو آئی کے صدر کشور شالو نے جمیکا میں 27 رنز پر ڈھیر ہو کر سیریز میں 0-3 سے ناکامی کے بعد سوچ بچار شروع کر دیا، ہنگامی میٹنگ میں ٹیم کی بدترین ہار کا جائزہ لیا جائے گا، اس میں صرف رسمی حیثیت نہیں بلکہ عملی اقدامات طے کیے جائیں گے۔ انہوں نے مشاورت کے لیے سابق کرکٹرز برائن لارا، کلائیو لائیڈ اور ویوین رچرڈز کو مدعو کیا ہے۔ ان کے علاوہ شیونرائن چندرپال، ڈیسمنڈ ہائنز اور ایان بریڈشاو بھی شریک ہوں گے، یہ تمام سابق پلیئرز اپنے تجربات کی روشنی میں حقیقی اور قابل عمل سفارشات فراہم کریں گے۔ ویسٹ انڈین بورڈ چیف نے اس موقع پر کہا کہ ہر ویسٹ انڈین فین کی طرح مجھے بھی اس شکست نے بہت تکلیف دی تاہم یہ تقسیم کا نہیں بلکہ مضبوط بیانیہ کی جانچ کا وقت ہے، ہمیں سب کو ساتھ مل کر کام کرنا ہوگا۔ چیف نے کہا کہ امید ہے ٹیم ایک عزم کے ساتھ اٹھ کے آگے بڑھے گی، خصوصاً نوجوانوں کی ترقی پر خصوصی توجہ دی جائے گی، پاکستان کے خلاف اگلی وائٹ بال سیریز سے قبل ٹیم کو مضبوط پوزیشن میں لانا ضروری ہوگیا ہے۔




## سویڈش اوپن ٹینس، لوسیانو تادیو ڈارڈیری مینز سنگلز کے دوسرے راؤنڈ میں داخل

سٹاک ہوم (این این آئی) اٹلی کے ٹینس کھلاڑی اور ایونٹ کے سکستھ سیڈڈ لوسیانو تادیو ڈارڈیری سویڈش اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کا فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ اٹلی کے 23 سالہ لوسیانو تادیو ڈارڈیری نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میں بیلجیئم کے حریف کھلاڑی رافیل کولیگن کو شکست دے کر ٹاپ دوسرے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔ سویڈن میں اے ٹی پی سویڈش اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے دلچسپ مقابلوں کا سلسلہ باسٹاد ٹینس سٹیڈیم میں جاری ہے۔




کینز ۲۱ ہیٹن الحمرا ۱۱ کے جیتن الاٹنز میموری ۱۸ GRKC اسٹیڈیم ۱۸ ویسٹ رافے کے دوران شکاگو ایٹلانٹا FC کے #7CookAva کو ۲۱ کا دفاع

# انٹرنیشنل



غزہ: اسرائیلی بمباری کے بعد وسیع پیمانے پر تباہی کا ایک منظر



غزہ: فلسطینی اسرائیلی فضائی حملے میں ہلاک ہونے والے اپنے پیاروں کی کفن پوش لاشوں پر ماتم کر رہے ہیں۔

## سعودی عرب عالمی مرکز بننے کی راہ پر گامزن، ای گیمز میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے الیکٹرانک کھیلوں (ای اسپورٹس) کو صرف تفریحی سرگرمی کے بجائے ایک منافع بخش معاشی میدان کے طور پر اپنایا ہے۔ دنیا بھر میں اس شعبے کا حجم سینکڑوں ارب ڈالر تک جا پہنچا ہے۔ اسی لیے مملکت نے اسے آمدنی کے ذرائع میں تنوع، سعودی نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع اور عالمی سطح پر اپنی شناخت مضبوط بنانے کا ایک مؤثر ذریعہ بنا لیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ای اسپورٹس کے ماہر فارس القحطانی کا کہنا تھا کہ سعودی عرب عالمی سطح پر ای اسپورٹس اور گیمز انڈسٹری کا ایک مضبوط مرکز بنتا جا رہا ہے۔

## برطانیہ کا خفیہ منصوبہ، 33 ہزار افغان باشندوں کی خاموش منتقلی کی تیاری

**فوجی معاونین کی زندگی خطرے میں، ڈیٹا لیک سے طالبان کو حساس معلومات پہنچنے کا اندیشہ**

لندن (این این آئی) برطانوی حکومت ایک خفیہ منصوبے کے تحت افغانستان سے 33 ہزار افغان شہریوں کو برطانوی سرزمین پر منتقل کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ ان افراد نے ماضی میں برطانوی اور مغربی افواج کے ساتھ تعاون کیا تھا اور اب ان کی جانوں کو شدید خطرہ لاحق ہے۔ برطانوی اخبار کے مطابق ان افغان شہریوں کے نام قتل کی فہرست میں شامل ہیں اور ان کی ذاتی معلومات فروری 2022 میں ایک غیر محفوظ ای میل کے ذریعے غلطی سے بھیج دی گئی تھیں، جس کے باعث یہ ڈیٹا لیک ہوگیا۔ ان افراد میں سے تقریباً 19 ہزار افراد کے بارے میں تفصیلات افشا ہوچکی ہیں، جنہوں نے برطانوی افواج کی معاونت کی تھی۔ رپورٹ کے مطابق اپریل 2024 میں، برطانیہ میں عام انتخابات سے صرف تین ماہ قبل، افغان ری اسپاؤنس پاتھ وے کے نام سے ایک خفیہ منصوبہ شروع کیا گیا، جس کے تحت ان افغانوں کو دوبارہ آباد کیا جائے گا۔ اب تک یہ پروگرام تقریباً 400 ملین پاؤنڈ خرچ کر چکا ہے اور مکمل ہونے پر اس کی لاگت 850 ملین پاؤنڈ تک پہنچنے کی توقع ہے۔ قانونی پیچیدگیاں اور ممکنہ زرِ تلافی کے باعث اس رقم میں مزید اضافہ متوقع ہے۔ وزارت دفاع کو اس سنگین غلطی کا علم ہونے میں ایک سال سے زائد کا وقت لگا۔ مسئلے کی سنگینی اس وقت سامنے آئی جب اگست 2023 میں یہ معلومات ایک فیس بک گروپ میں جزوی طور پر شائع ہوگئیں۔ ایک سماجی کارکن نے اس وقت کے وزیر برائے مسلح افواج جیمس پی کو بتایا کہ طالبان کے پاس اب 33 ہزار افراد پر مشتمل ایک فہرست موجود ہوسکتی ہے، جو درحقیقت خود برطانوی حکومت سے لیک ہوئی ہے۔ متعدد افغان خاندان پہلے ہی خطرات کا سامنا کر چکے ہیں اور مزید کو جان کا خطرہ لاحق ہے۔ ایک سابق مترجم اور سماجی کارکن رانی ہوتک نے اسے برطانوی حکومت کی جانب سے بدترین خیانت قرار دیا۔ ان کے مطابق جن افراد نے برطانیہ کی خاطر اپنی زندگیاں داؤ پر لگائیں

## اردن میں الاخوان کے غیر قانونی مالیاتی نیٹ ورک نے 3 کروڑ دینار جمع کیے، تحقیقات میں انکشاف

**کالعدم جماعت الاخوان المسلمین نے غزہ کے واقعات کو چندہ جمع کرنے کے لیے قانون کے خلاف طریقے سے استعمال کیا، رپورٹ**

عمان (این این آئی) اردنی حکام نے ایک تفصیلی تحقیق میں انکشاف کیا ہے کہ کالعدم جماعت الاخوان المسلمین نے گزشتہ آٹھ برسوں میں اردن اور بیرونِ ملک غیر قانونی مالی سرگرمیوں کا جال پھیلایا، جن میں چند نام نہاد رفاہی ادارے، جعلی سرمایہ کاری، اور ماہانہ چندے شامل تھے۔ تحقیقات سے معلوم ہوا کہ جماعت نے مختلف ناموں سے کروڑوں دینار جمع کیے، جن کا کچھ حصہ اردن سے باہر جائیدادیں خریدنے اور غیر قانونی مقاصد کے لیے استعمال کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق حالیہ برسوں میں جماعت نے 3 کروڑ دینار سے زائد رقم جمع کی، جس کا کچھ حصہ 2024 میں اندرون ملک سیاسی سرگرمیوں اور ممنوعہ خفیہ گروپوں کی مالی اعانت کے لیے استعمال ہوا۔ اپریل میں حکومت کے اعلان سے قبل، سیکیورٹی اداروں نے 40 لاکھ دینار ضبط کیے، جو جماعت کے ایک رہنما کے ڈرائیور کی مدد سے دار الحکومت عمان کے شمالی علاقے میں چھپائے گئے تھے۔ تحقیقات کے نتیجے میں 11 افراد گرفتار ہوئے۔ جماعت نے غزہ کی صورت حال کو بھی مالی فائدے کے لیے استعمال کیا اور خلاف قانون چندے جمع کیے، جن کا حجم، ذرائع اور خرچ کی تفصیلات ظاہر نہ کی گئیں۔ کچھ چندے جماعت کی شاخوں کے ذریعے خفیہ طور پر اکٹھے کیے گئے، جب کہ معمولی حصہ ... محض 4.13 لاکھ دینار، اردنی ہاشمی فلاحی ادارے کو ارسال کیا گیا، جو مجموعی رقم کا صرف ایک فی صد ہے۔ تحقیقات کے مطابق جماعت نے چندے خفیہ طور پر جمع کر کے غیر قانونی طریقوں سے بیرونِ ملک منتقل کیے۔ دینار کو ڈالر میں تبدیل کر کے مقامی صرافہ مراکز کے ذریعے بیرونِ ملک صرافہ مراکز کو بھیجا گیا۔ بعض رقوم عمان سے فضائی راستے بھیجی گئیں یا ایک جماعتی رکن کے ذریعے اسمگل کی گئیں۔ عطیات خفیہ طور پر عمان کے ایک گنجان آباد علاقے سے اکٹھے کیے گئے تاکہ سماجی دباؤ اور نگرانی سے بچا جا

## دوحا، غزہ جنگ بندی مذاکرات کی کامیابی کے لیے ثالثوں نے کوششیں تیز کر دیں

**ہم نہیں کہہ سکتے کہ کب ایک معاہدہ ممکن ہوجائے اور کب جاری مذاکراتی عمل رک جائے، ترجمان وزارت خارجہ**

دوحا (این این آئی) ایک ہفتے سے زیادہ دنوں سے جاری دوحا مذاکرات کے باوجود عملا مذاکرات کا ابھی پہلا مرحلہ ہی جاری ہے۔ اس امر کا اظہار قطر کی طرف سے کیا گیا۔ قطر اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی کے لیے جاری مذاکرات میں ایک کلیدی ثالث کے طور پر موجود ہے۔ جو شروع سے ہی فریقین کے درمیان جنگ بندی کے لیے اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ قطر کے وزارت خارجہ کے ترجمان ماجد الانصاری کی طرف سے بتایا گیا کہ مذاکراتی عمل معاہدے کے فریم ورک کے لیے جاری ہیں۔ اسرائیل اور حماس دونوں کے وفود دوحا میں موجود ہیں۔ جبکہ ثالث ملکوں نے معاہدے کو ممکن بنانے کے لیے اپنی کوششیں تیز تر کر رکھی ہیں۔ تاہم انہوں نے کہا کہ ابھی یہ مذاکراتی عمل اپنے پہلے مرحلے میں ہے۔ خصوصا مذاکرات کو کسی نتیجے تک پہنچانے کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ ان شا اللہ مذاکرات کا اگلا مرحلہ بھی شروع ہوگا۔ ان کوششوں کے باوجود بے یقینی کی فضا موجود ہے جس کی وجہ سے اختتام ہفتہ کے موقع پر ایک ڈیڈ لاک کی کیفیت تھی۔ کیونکہ دونوں اطراف سے ایک دوسرے پر مذاکرات کو ناکام بنانے کا الزام لگایا جا رہا تھا۔ ماجد الانصاری

## قاہرہ میں سہ فریقی اجلاس میں غزہ میں جنگ بندی کی پر غور، مصر کا اہم پیش رفت کا دعوی

**مصر، قطر اور اسرائیل کے نمائندوں کی ملاقاتیں، انسانی امداد اور جنگ بندی کے نکات پر اتفاق رائے**

قاہرہ (این این آئی) مصر کے ایک اعلی سطحی ذریعے نے بتایا ہے کہ غزہ میں جنگ بندی کی کوششوں کے سلسلے میں قاہرہ میں مصر، قطر اور اسرائیل کے نمائندوں کے درمیان اہم مذاکرات ہو رہے ہیں، جن کا مقصد انسانی امداد کی فراہمی، مریضوں کا انخلا اور پھنسے ہوئے افراد کی واپسی کے اقدامات پر بات چیت ہے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں انسانی بنیادوں پر جنگ بندی کے مختلف نکات پر نمایاں پیش رفت ہوئی ہے، جبکہ یہ ملاقاتیں آئندہ دو روز تک جاری رہیں گی۔ مصر کی کوشش ہے کہ جنگ بندی کے عمل میں حائل رکاوٹوں کو دور کیا جائے اور غزہ کے شہریوں کو مناسب اور وافر امداد فراہم کی جاسکے۔ اس دوران اسرائیل نے غزہ میں 60 دن کے مجوزہ جنگ بندی کے دوران اپنی افواج کی تیسری تعیناتی نقشہ پیش کی ہے۔ عبرانی ذرائع کے مطابق اس نقشہ کے تحت اسرائیلی افواج کی موجودگی کو مصر اور غزہ کے درمیان دو کلومیٹر کی پٹی تک محدود کر دیا جائے گا، خاص طور پر رفح کے قریب واقع موراگ اور فیلاڈیلفیا گزرگاہوں کے درمیان تعیناتی کی جائے گی۔ یہ نیا نقشہ اسرائیلی افواج کے تعیناتی میں کچھ لچک کی عکاسی کرتا ہے، مگر بنیادی اختلافات تا حال برقرار ہیں۔ اسرائیل اور حماس کے درمیان جاری اختلافات کا مرکزی نکتہ جنگ بندی کے دوران اسرائیلی افواج کا انخلا ہے۔ امداد کی تقسیم کے طریقہ کار پر بھی فریقین کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔ رپورٹس کے مطابق اسرائیل اب 60 روزہ جنگ بندی کی مدت کے دوران مزید افواج کے انخلا پر آمادہ دکھائی دے رہا ہے، تاہم دوحہ میں ہونے والے غیر رسمی مذاکرات حالیہ دنوں میں تعطل کا شکار ہو چکے ہیں، جس کی بڑی وجہ جنوبی غزہ سے اسرائیلی انخلا پر جاری تنازعہ ہے۔

## غزہ میں کوئی جگہ بھی محفوظ نہیں رہنے دی گئی، یونیسیف ترجمان

غزہ (این این آئی) غزہ میں کوئی فلسطینی خفیہ ہے کوئی جگہ محفوظ نہیں ہے یا بات متحدہ کے ادارے یونیسیف کے ترجمان روزالیا بولین نے روز ایک انٹرویو میں کہی۔ یونیسیف کے ترجمان نے کہا کہ غزہ میں کوئی بھی جگہ اسرائیلی بمباری اور جنگی کارروائیوں کی وجہ سے محفوظ نہیں رہی ہے۔ ترجمان نے اپنے انٹرویو کو فلسطینی بچوں کے لیے ایک قبرستان قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہر روز فلسطینیوں کی بڑی تعداد میں ہلاکتیں ہو رہی ہیں۔ ان ہلاکتوں کی تعداد میں کوئی کمی ہو رہی ہے نہ ہی کوئی ناغہ دیکھنے میں آتا ہے۔ یونیسیف ترجمان نے کہا کہ میں اور میرے ساتھی غزہ میں موجود ہیں اور اس کی زمین پر جو کچھ ہو رہا ہے اپنے سامنے دیکھ




15 جولائی: لوئیسیانیو باؤر (مرکز) مستقبل کے مظاہرے کے لیے جمعہ میں حصہ لے رہی ہے




بیجنگ، چین: ریاستی کونسل کے تائیوان امور کے دفتر کے ترجمان چن بنہوا پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

# صنعت وتجارت نیوز

## معیشت نامہ

## اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کا بارشی صورتحال کے جائزہ کے سلسلہ میں نواحی علاقہ جات کا دورہ،

**انہوں نے ستگھرہ میں بارشی پانی کی نکاسی کے عمل کا جائزہ لیا اور 29ٹو آر میں ریونیو سٹاف کو نکاسی آب کے لیے مرکزی نالے میں طغیانی کے باعث پشتوں کو مضبوط کرنے کے احکامات دیے**



اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کا بارشی صورتحال کے جائزہ کے سلسلہ میں نواحی علاقہ جات کا دورہ، انہوں نے ستگھرہ میں بارشی پانی کی نکاسی کے عمل کا جائزہ لیا اور 29 ٹو آر میں ریونیو سٹاف کو نکاسی آب کے لیے مرکزی نالے میں طغیانی کے باعث پشتوں کو مضبوط کرنے کے احکامات دیے، اسسٹنٹ کمشنر نے موضع کاکو میں ایکسین ہائی وے کو بارشی کی نکاسی کے لیے اقدامات کرنے کی ہدایت کی تا کہ مقامی آبادی کو بارشی پانی سے بچایا جاسکے، اسسٹنٹ کمشنر رب نواز نے کہا کہ شہر کی طرح دیہات میں بھی بارشی پانی کے نکاس کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں تا کہ عوامی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے، انہوں نے عوام الناس سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کو بارشی پانی میں نہ کھیلنے دیں اور گہرے پانی اور نہروں میں نہانے سے بھی پرہیز کریں۔

## ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول وحدت کالونی کا دورہ

**سکول میں صفائی وسہولیات کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری اسکول وحدت کالونی کا دورہ کیا**



گوجرانوالہ(نویدہ بخاری قوت بیورو)ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول وحدت کالونی کا دورہ،سکول میں صفائی وسہولیات کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری اسکول وحدت کالونی کا دورہ کیا،سکول، مختلف کلاس رومز کا تفصیلی معائنہ کیا، اساتذہ اور اسکول کا انتظامی عملہ بھی موجود تھا۔ڈپٹی کمشنر کو اسکول میں دستیاب سہولیات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے اسکول میں صفائی ستھرائی،کمروں کی حالت،اور دیگر کاموں کا معائنہ کیا اور اطمینان کا اظہار کیا کہ تعطیلات کے دوران بھی اسکول کی دیکھ بھال کو سنجیدگی سے جاری رکھا گیا ہے۔ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ حالیہ بارشوں کے دوران چھتوں پر اور گملوں وغیرہ میں پانی جمع ہونے سے ڈینگی مچھر کا لاروا افزائش پاسکتا ہے انہیں صاف اور خشک رکھا جائے۔

## ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا چلڈرن ہسپتال گوجرانوالہ کا اچانک دورہ

گوجرانوالہ(غلام شبیر ریڑیڈنٹ ایڈیٹر)ہیلتھ ریفارمز پروگرام ؒ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا چلڈرن ہسپتال گوجرانوالہ کا اچانک دورہ، ڈیوٹی روسٹر کے مطابق ڈاکٹرز طبی عملہ کی حاضری چیک کی، وزیر اعلی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں لازمی ادویات کی دستیابی اور مریضوں کو فراہمی کا ریکارڈ بھی چیک کیا۔ زیر علاج مریضوں کی عیادت، ان سے طبی سہولیات، ڈاکٹرز کی دستیابی بارے استفسار بھی کیا۔ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں صفائی ستھرائی کے امور کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ہسپتال میں آنے والے ہر مریض بچے کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

## اہلبیت علیہم السّلام کی محبت جزو ایمان ہے: ضیغم حسن رشید



شکرگڑھ (عمران عارف سے) اہلبیت علیہم السلام کی محبت جزو ایمان ہے۔اس کے بغیر دنیا و آخرت میں کامیابی کا کوئی تصور نہیں۔اہلبیت ع کی محبت پر کسی ایک مذہب یا فرقے کی اجارہ داری نہیں۔قرآن وحدیث کے ساتھ ساتھ ہر اہل نظر و پاک فکر نے خاندان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقام واضح کیا ہے۔حضرت امام حسین علیہ السلام نے کربلا کے میدان میں طاغوتیت کے خلاف جو کردار ادا کیا قیامت تک بے نظیر وعدیم المثال ہے اسی سبب جن وانس کے ساتھ بحر و بر، چرند پرند اور اشجار سب شہدائے کربلا کو سلام عقیدت پیش کرتے محسوس ہوتے ہیں۔گدائے در پنجتن شیعان حیدر کرار ع شکرگڑھ کے سربراہ ضیغم حسن رشید نے ایک نجی محفل میں احباب سے بات چیت کرتے ہوئے کربلا کی سرزمین پر آل نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور ان کے ہمنواؤں کی جرأتوں بھری قربانی پر عقیدت کے پھول نچھاور کرتے ہوئے کہا کہ عشق اہل بیت علیہم السلام ہم سب کو بھائی چارے کا درس دیتے ہوئے تفرقہ بازی سے بچاتا اور اسلام کی پاسبانی کی راہوں کی طرف بلاتا ہے۔

## ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال سٹی میں طبی سہولیات کا جائزہ

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال سٹی میں طبی سہولیات کا جائزہ، انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات میں مریضوں کی عیادت کی، صفائی ستھرائی اور مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات کا جائزہ لیا،انہوں نے عملہ صفائی مون سون بارشوں کے دوران تسلسل سے صفائی انتظامات جاری رکھنے کی ہدایت کی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے فارمیسی میں ادویات کے سٹاک کا بھی جائزہ لیا،اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے کہا کہ ہسپتال میں ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف عوامی خدمت کے جذبے کے تحت مریضوں کے علاج معالجہ کے سلسلہ میں محنت سے کام کرے اور حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں تمام تر اقدامات کو یقینی بنایا جائے، انہوں نے کہا کہ مریضوں کو بھی سہولیات کی فراہمی کے لیے چیکنگ کا عمل تسلسل سے جاری رکھا جائے گا۔

## خانقاہ سید نفیس الحسینیہ المکیہ نصرت آباد چناب نگر میں انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان کی طرف سے ماہانہ راشن تقسیم کی تقریب کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) خانقاہ سید نفیس الحسینیہ المکیہ نصرت آباد چناب نگر میں انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان کی طرف سے ماہانہ راشن تقسیم کی تقریب کا انعقاد غربا نومسلمین تحفین میں اشیا خرد ونوش بیواؤں نقد وظائف تقسیم کئے گئے پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیمبر مین انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان پیر طریقت مجاہد ختم نبوت مولانا قاری محمد رفیق قصیبی حاجی محمد اویس رسول علوی و دیگر علما کرام نے کہا کہ انسانیت کی خدمت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت ختم نبوت کی چوکیداری ہے دنیا و آخرت کی کامیابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلامی میں ہے انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان کا مشن ہے ختم نبوت کی چوکیداری کرتے ہوئے آخری سانس تک نومسلمین کی کفالت خدمت کرتے رہینگے دنیا و آخرت کی کامیابی اتباع رسول صلی اللہ میں ہے آخر میں ملکی سالمیت نومسلمین کے ثابت قدم رہنے کے لئے خصوصی دعا کی گئی۔

## مون سون کی ممکنہ شدید بارشوں کے پیش نظر ضلع سیالکوٹ میں متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت صبا اصغر علی، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ

**مون سون کی ممکنہ طوفانی بارشوں سے نمٹنے کے لیے ضلع سیالکوٹ میں پیشگی حفاظتی اقدامات کیے جا رہے ہیں**

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وہ ڈی سی آفس کمیٹی روم میں اپنی زیر صدارت منعقدہ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی بورڈ اور ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کر رہی تھیں۔اجلاس میں تمام متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ڈپٹی کمشنر نے اجلاس میں ہدایت کی کہ ضلعی انتظامیہ، پولیس، ریسکیو 1122 اور دیگر ادارے ہمہ وقت الرٹ رہیں تا کہ کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال میں فوری اور موثر ردعمل یقینی بنایا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ خستہ حال عمارتوں اور نشیبی علاقوں میں خصوصی حفاظتی اقدامات کیے جائیں، جبکہ ضلعی سطح پر مربوط نگرانی کا مؤثر نظام فعال رکھا جائے۔ڈپٹی کمشنر نے تمام ڈسپوزل اسٹیشنز کو فعال حالت میں رکھنے اور ایمرجنسی ریسپانس پر متعین عملے کے لیے ڈیوٹی روسٹر جاری کرنے کی ہدایت دی۔انہوں نے متعلقہ حکام کو مشینری کی بروقت موجودگی یقینی بنانے کے بھی احکامات دیے۔عوام سے اپیل کی گئی کہ وہ تالابوں، نہروں اور ندی نالوں کے قریب جانے سے گریز کریں اور بارشی پانی میں نہانے سے اجتناب کریں تا کہ کسی بھی قسم کے جانی نقصان سے بچا جا سکے۔ڈسٹرکٹ ایمرجنسی کنٹرول روم سیالکوٹ کو 24 گھنٹے فعال کر دیا گیا ہے۔شہری کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری اطلاع اور مدد کے لیے 1718 پر کال کر سکتے ہیں۔ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ ضلعی انتظامیہ اور امدادی اداروں سے مکمل تعاون کریں اور سرکاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں تا کہ قیمتی جانوں اور املاک کا تحفظ ممکن بنایا جاسکے۔

## شدید بارشیں اور سیلابی صورتحال ندی نالوں نے تباہی مچادی

**نارنگ منڈی کے سرحدی دیہات زیر آب آگئے سینکڑوں ایکڑ زرعی اراضی دریا کا منظر پیش کرنے لگی**

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) شدید بارشیں اور سیلابی صورتحال ندی نالوں نے تباہی مچادی نارنگ منڈی کے سرحدی دیہات زیر آب آگئے سینکڑوں ایکڑ زرعی اراضی دریا کا منظر پیش کرنے لگی میرووال ملک پور خنگل وارث خاں آبادیاں مہے ورکاں مبارک پور سمیت متعدد دیہات میں نالہ ڈیک نالہ بھیڑ نے تباہی مچادی حدنگاہ تک پانی ہی پانی سینکڑوں ایکڑ زرعی اراضی پانی کی زد میں آچکے ہیں چاول کی فصل کو نقصان پہنچ رہا ہے سینکڑوں ایکڑ رقبے پر لگائی گئی چاول کی پنیری ضائع ہو چکی ہے نہروں دریائے راوی اور ندی نالوں میں طغیانی ہے پانی کی سطح بلند ہو رہی ہے نشیبی علاقوں میں رہائشی آبادی پریشان ہے دوسری جانب ریسکیو 1122 نارنگ کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کیلئے الرٹ ہے۔

## ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افیسر اللہ رکھا راشد اور تحصیل دار شکرگڑھ وقار احمد ناگرانے شکرگڑھ پریس کلب کے سیکرٹری اطلاعات محمد نواز ٹیپو کے گھر جا کر ان کی عیادت کی



شکرگڑھ (عمران عارف سے) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افیسر اللہ رکھا راشد اور تحصیل دار شکرگڑھ وقار احمد ناگرانے شکرگڑھ پریس کلب کے سیکرٹری اطلاعات محمد نواز ٹیپو کے گھر جا کر ان کی عیادت کی اور ان کی جلد مکمل صحت یابی کی دعا کی۔حادث میں زخمی ہونے کے بعد نواز ٹیپو کی ہسپتال سے گھر واپسی پر دونوں افسران نے خوشی کا اظہار کیا اور نواز ٹیپو کو گلدستہ پیش کیا اس موقع پر ڈپٹی ایجوکیشن افیسر اللہ رکھا راشد نے کہا کہ نواز ٹیپو ایک نڈر صحافی اور ملنسار شخصیت کے حامل ہیں اور ہمارا اثاثہ ہیں۔اللہ تعالیٰ انکو عمر خضر عطا فرمائے۔ تحصیلدار وقار احمد ناگرہ نے کہا کہ نواز ٹیپو کے حادثہ میں زخمی ہونے کی اطلاع نے ہر شخص کو رنجیدہ کر کے رکھ دیا تاہم ان کی صحت یابی کے لیے ہر مکتبہ فکر کے افراد نے دعا کی جس کے سبب آج نواز ٹیپو بفضل تعالی تیزی سے روبہ صحت ہیں اور جلد ہی مکمل صحت یاب ہو کر ہمارے درمیان پہلے کی طرح موجود ہوں گے۔

## الخدمت چلڈرنز ہسپتال، خادم علی روڈ کی خدمات مثالی ہیں۔محمد منشاء اللہ بٹ

**ڈاکٹر فیض اللہ شیروانی درویش منش عظیم انسان ہیں۔ممبر صوبائی اسمبلی**

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ نے الخدمت چلڈرنز ہسپتال، خادم علی روڈ سیالکوٹ کے دورہ کے دوران ہسپتال کی شاندار اور مثالی خدمات کو سراہتے ہوئے اسے بچوں کی صحت وعلاج کے میدان میں ایک روشن مثال قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ یہ ادارہ ایک فلاحی جذبے کے تحت روح رواں انسان دوست شخصیت ڈاکٹر فیض اللہ خان شیروانی و ٹیم کی صورت میں ہم صدہ دراز سے دن رات بھی انسانیت بالخصوص بچوں کو معیاری طبی سہولیات فراہم کر رہا ہے، جو نہایت قابل تحسین ہے۔سنیٹر سیالتان محمد منشاء اللہ بٹ ایم پی اے نے کہا کہ الخدمت چلڈرنز ہسپتال میں نہ صرف صحت اور نادار بچوں کا مفت یا کم خرچ پر علاج کیا جارہا ہے بلکہ یہاں جدید طبی سہولیات، تجربہ کار عملہ، اور صاف ستھرا ماحول بھی موجود ہے، جو کسی بڑے پرائیویٹ ہسپتال سے کم نہیں۔انہوں نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ ہیلتھ کیئر کمیشن پنجاب نے اس ادارے کی خدمات کو تسلیم کرتے ہوئے اس کا لائسنس سال 2030 تک تجدید کر دیا ہے، جو ادارے کی پیشہ ورانہ قابلیت اور طبی معیار کا ثبوت ہے۔رکن اسمبلی نے ہسپتال کے منتظمین، عملے اور بالخصوص بانیان کو ان کی بے لوث خدمت، وژن اور انتھک محنت پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ ایسے ادارے ہماری معاشرتی ترقی اور فلاحی نظام کا روشن چہرہ ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ انسانیت کی خدمت، کبھی عوام کی دادرسی اور خدمتِ خلق جیسے مقاصد کے لیے جو کام الخدمت چلڈرنز ہسپتال کر رہا ہے وہ ہم سب کے لیے مشعل راہ ہے۔

## ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا چلڈرن ہسپتال گوجرانوالہ کا اچانک دورہ

گوجرانوالہ(غلام شبیر ریڑیڈنٹ ایڈیٹر)ہیلتھ ریفارمز پروگرام ؒ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا چلڈرن ہسپتال گوجرانوالہ کا اچانک دورہ، ڈیوٹی روسٹر کے مطابق ڈاکٹرز طبی عملہ کی حاضری چیک کی، وزیر اعلی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں لازمی ادویات کی دستیابی اور مریضوں کو فراہمی کا ریکارڈ بھی چیک کیا۔ زیر علاج مریضوں کی عیادت، ان سے طبی سہولیات، ڈاکٹرز کی دستیابی بارے استفسار بھی کیا۔ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں صفائی ستھرائی کے امور کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ہسپتال میں آنے والے ہر مریض بچے کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

## پنجابیوں کی مسلسل ٹارگٹ کلنگ اور بے گناہ قتل عام کے خلاف پنجابی آرگنائزیشن کی ہنگامی پریس کانفرنس

**پنجابی رہنماؤں نے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومتِ وقت سے فوری اور مؤثر کارروائی کا مطالبہ کیا**

میاں چنوں (اشعر نعمان) بلوچستان سمیت دیگر صوبوں میں پنجابیوں کی مسلسل ٹارگٹ کلنگ اور بے گناہ قتل عام کے خلاف پنجابی آرگنائزیشن کی ہنگامی پریس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں پنجابی رہنماؤں نے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومتِ وقت سے فوری اور مؤثر کارروائی کا مطالبہ کیا، پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پنجابی آرگنائزیشن کے مرکزی صدر سلیم الیاس اور معروف قانونی ماہر ندیم پنجابی ایڈووکیٹ نے کہا کہ حالیہ دنوں بلوچستان میں پیش آنے والے دلخراش واقعے میں 9 پنجابیوں کو بسوں اور گاڑیوں سے اتار کر شناختی کارڈ چیک کرنے کے بعد بے دردی سے قتل کر دیا گیا، انہوں نے کہا کہ یہ صرف ایک واقعہ نہیں، بلکہ صبر کا پیمانہ لبریز ہو سکتا ہے، جس کے نتائج ملک کے گزشتہ کئی برسوں سے ہزاروں پنجابی ٹارگٹ کلنگ کے بے گناہ قتل عام کے خلاف پنجابی آرگنائزیشن کی جانب سے میاں چنوں میں ایک ہنگامی پریس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں پنجابی رہنماؤں نے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومتِ وقت سے فوری اور مؤثر کارروائی کا مطالبہ کیا، پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پنجابی آرگنائزیشن کے مرکزی صدر سلیم الیاس اور معروف قانونی ماہر ندیم پنجابی ایڈووکیٹ نے کہا کہ حالیہ دنوں بلوچستان میں پیش آنے والے دلخراش واقعے میں 9 پنجابیوں کو بسوں اور گاڑیوں سے اتار کر شناختی کارڈ چیک کرنے کے بعد بے دردی سے قتل کر دیا گیا، انہوں نے کہا کہ یہ صرف ایک واقعہ نہیں، بلکہ صبر کا پیمانہ لبریز ہو سکتا ہے، جس کے نتائج ملک کے گزشتہ کئی برسوں سے ہزاروں پنجابی ٹارگٹ کلنگ اور بے گناہ قتل عام کے خلاف پنجابی آرگنائزیشن کی جانب سے میاں چنوں میں ایک ہنگامی پریس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں پنجابی رہنماؤں نے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومتِ وقت سے فوری اور مؤثر کارروائی کا مطالبہ کیا، پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پنجابی آرگنائزیشن کے مرکزی صدر سلیم الیاس اور معروف قانونی ماہر ندیم پنجابی ایڈووکیٹ نے کہا کہ حالیہ دنوں بلوچستان میں پیش آنے والے دلخراش واقعے میں 9 پنجابیوں کو بسوں اور گاڑیوں سے اتار کر شناختی کارڈ چیک کرنے کے بعد بے دردی سے قتل کر دیا گیا، انہوں نے کہا کہ یہ صرف ایک واقعہ نہیں، بلکہ صبر کا پیمانہ لبریز ہو سکتا ہے، جس کے نتائج ملک کے گزشتہ کئی برسوں سے ہزاروں پنجابی ٹارگٹ کلنگ




## علماء ومشائخ ناموس رسالت کا تحفظ اور صحابہ واہل بیت کی عظمت کا دفاع خون کے آخری قطرے تک کریں گے: الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی

گوجرانوالہ(نویدہ بخاری قوت بیورو) سنی اتحاد کونسل کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی نے کہا ہے کہ علماء و مشائخ ناموس رسالت کا تحفظ اور صحابہ واہل بیت کی عظمت کا دفاع خون کے آخری قطرے تک کریں گے اسلام کے بنیادی عقائد پر کوئی مجھوتہ نہیں کریں گے علماء و مشائخ نے غلبہ اسلام کیلئے انتھک جدوجہد کی اور محراب ومنبر سے لیکر حکومتی ایوانوں تک صدائے حق بلند کی ہے، دنیاوی منفعت کو اسلامی قدروں سے مقدم رکھنا یزیدیت ہے، اہل حق نے ہر دور میں اسلام کے تحفظ و دفاع کیلئے لازوال قربانیاں دیں، تاریخ اسلام گستاخوں کو واصل جہنم کرنیوالے غازیوں سے بھری پڑی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے علماء ومشائخ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ڈویژنل صدر الحاج سرفراز احمد تارڑ، پیر سید فدا حسین شاہ حافظ عدیل عارف، علامہ محمد عمر محمد نعمان صدیقی، حافظ عدیل عارف، علامہ محمد عمر صدیقی، قاری رفیع الرحمان قادری اور دیگر نے خطاب کیا۔

## ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی پولیس چوکی سارنگ شہید (تھانہ موچیوالا) میں کھلی کچہری کا انعقاد

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی پولیس چوکی سارنگ شہید (تھانہ موچیوالا) میں کھلی کچہری کا انعقاد، کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے اپنی شکایات اور مسائل پیش کیے، جنہیں بغور سننے کے بعد ڈی پی او جھنگ نے موقع پر ہی متعلقہ افسران کو فوری اقدامات کے احکامات جاری کیے۔اس موقع پر ڈی ایس پی صدر سرکل اور ایس ایچ او تھانہ موچیوالا بھی موجود تھے۔بدعنوانی سے متعلق موصول ہونے والی ایک شکایت پر ڈی پی او نے فوری نوٹس لیتے ہوئے اے ایس آئی اور نگزیب کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا حکم جاری کیا۔ڈی پی او جھنگ نے چوکی انچارج غلام شبیر کی مؤثر کارکردگی کو سراہتے ہوئے ان کے لیے تعریفی سرٹیفکیٹ دینے کا اعلان بھی کیا۔انہوں نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تھیکری پہرہ کو فعال رکھا جائے اور منشیات کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں مزید شدت لائی جائے۔ڈی پی او بلال افتخار کیانی کا کہنا تھا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، اور عوام کے تعاون سے ضلع جھنگ کو جرائم سے پاک بنانے کے عزم پر کاربند ہیں۔

## شہر بھر میں تجاوزات کی بھرمار گزرنا بھی محال ہوگیا

**شہریوں نے پیرا فورس سے امیدیں لگالیں ریل بازار حیدری چوک یونس روڈ تھانہ روڈ خرم گلفام پارک اور ریلوے روڈ سمیت شہر بھر میں قبضہ مافیا کا راج ہے**

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) شہر بھر میں تجاوزات کی بھرمار گزرنا بھی محال ہوگیا شہریوں نے پیرا فورس سے امیدیں لگالیں ریل بازار حیدری چوک یونس روڈ تھانہ روڈ خرم گلفام پارک اور ریلوے روڈ سمیت شہر بھر میں قبضہ مافیا کا راج ہے بازار سے گزرنا مشکل ہو چکا ہے مین شاہراہوں پر ٹریفک جام رہنا معمول بن چکا ہے بچیوں کا سکول جانا بھی خواب بن چکا ہے بدھر جائیں ہر طرف تجاوزات کا راج اور قبضہ مافیا کے ڈیرے ہیں مریضوں کو ہسپتال لے جانا بھی انتہائی مشکل ہے پولیس موبائل اور ریسکیو 1122 سمیت ایمرجنسی گاڑیاں بھی تجاوزات میں پھنسی رہتی ہیں شہر کو تجاوزات کے چنگل سے آزاد کروانے کے درجنوں دعوے کیے گئے جو صرف دعوے ہی رہے اب پنجاب حکومت کی جانب سے پیرا فورس بنائے جانے پر شہریوں نے پیرا فورس سے امیدیں لگالی ہیں۔

## ہنگامی صورتحال کے پیش نظر ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت

## شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے خود فیلڈ میں موجود رہے



اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) حالیہ شدید بارشوں کے بعد پیدا ہونے والی ممکنہ ہنگامی صورتحال کے پیش نظر ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت جاری کی ہیں کہ شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے خود فیلڈ میں موجود رہے۔انہوں نے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور حفاظتی اقدامات کا جائزہ لیا۔ضلعی انتظامیہ کی جانب سے دفعہ 144 کا نفاذ کر دیا گیا ہے، جس کے تحت دریائے ستلج، راوی، لوئر باری دوآب کینال اور تمام انڈر پاسز پر نہانے، تیرنے، کشتی رانی اور مچھلی پکڑنے پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ان مقامات پر پولیس اہلکاروں کو تعینات کر دیا گیا ہے تا کہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جاسکے۔ڈی پی او اور اشد ہدایت کا کہنا تھا کہ بارش کے بعد انڈر پاسز اور دیگر نشیبی علاقوں میں کھڑے پانی میں نہانا جان لیوا عمل ہو سکتا ہے۔انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ خود بھی محتاط رہیں اور بچوں کو بھی ان مقامات سے دور رکھیں اور کھڑے پانی میں نہانے سے گریز کریں۔ڈی پی او نے واضح کیا کہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔مزید برآں، اوکاڑہ پولیس کی جانب سے شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ حالیہ بارشوں کے دوران کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں پولیس ہیلپ لائن یا قریبی تھانے سے فوری رابطہ کریں۔

## جرم وسزا




## تھانہ سٹی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی

**پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے سے 5 کلوگرام چرس برآمد ہوئی ہے**



میاں چنوں (اشعر نعمان) تھانہ سٹی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک اہم کامیابی حاصل کی ہے، ڈی ایس پی حمشید اکرم بھٹی کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ سٹی چوہدری محمود اقبال اور سب انسپکٹر رانا گل فراز نے کارروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ منشیات فروش محمد یونس عرف کالا کو گرفتار کر لیا، پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے سے 5 کلوگرام چرس برآمد ہوئی ہے، پولیس نے موقع پر ہی مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے، پولیس حکام کا کہنا ہے کہ منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور مہم جاری رہے گی اور نوجوان نسل کو اس ناسور سے بچانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

## 22 سالہ نوجوان سانپ کے ڈسنے سے جاں بحق ہوگیا

وزیر آباد (نامہ نگار) 22 سالہ نوجوان سانپ کے ڈسنے سے جاں بحق ہوگیا۔ وزیر آباد کے علاقہ نت کلاں کا رہائشی عدیل بٹ رات کے وقت اپنے کمرے میں سو رہا تھا کہ اچانک بچی چھت سے ایک زہریلا سانپ نیچے گرا، نوجوان نے جیسے ہی ہوش سنبھالا، سانپ کو پکڑ کر باہر پھینکنے کی کوشش کی، مگر اسی دوران سانپ نے اُسے ڈس لیا۔اہل خانہ نے فوری طور پر عدیل کو ہسپتال منتقل کیا تاہم وہ زہر کے اثر سے جانبر نہ ہو سکا۔واضح رہے کہ عدیل حال ہی میں عراق سے چھٹی پر اپنے آبائی گاؤں نت واپس آیا تھا۔مرحوم کو نمازِ جنازہ کے بعد مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔علاقہ مکینوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ بارشی موسم میں زہریلے جانوروں سے بچاؤ کے اقدامات کیے جائیں تا کہ آئندہ ایسے دلخراش واقعات سے بچا جاسکے۔

## فلسطینی مظلوم مسلمانوں پر صہیونی افواج کی جانب سے بمباری اور پرتشدد کارروائیاں قابل مذمت اور قابل مرمت ہیں: جنرل سیکرٹری عدنان محمود گجر

وزیر آباد (نامہ نگار) انجمن فلاح نوجواناں ادارہ ترک منشیات کیئر سنٹر کے جنرل سیکرٹری عدنان محمود گجر نے کہا ہے کہ فلسطینی مظلوم مسلمانوں پر صہیونی افواج کی جانب سے بمباری اور پرتشدد کارروائیاں قابل مذمت اور قابل مرمت ہیں، نام نہاد اقوام متحدہ چوغلی پالیسی پر عمل پیرا ہے، فلسطین کا مسئلہ حل کیے بغیر دنیا میں امن قائم نہیں ہو سکتا اس لئے عالمی برادری مسئلہ فلسطین کو مستقل طور پر حل کرے ،اہل غزہ کی مدد کرنے اور ان کو ادویات ،خوراک و دیگر ضروریات زندگی کی اشیاء مہیا کرنے میں مسلم امہ اپنا کردار ادا کرے ، اقوام متحدہ اپنی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے مسئلہ فلسطین کو مستقل بنیادوں پر حل کرائے، فلسطینی کبھی بھی اسرائیل کی ناجائز ریاست کو قبول نہیں کرینگے۔ 57 اسلامی ممالک کو مکمل مسئلہ فلسطین کیلئے آواز بلند کرنا ہو گی۔ پورے فلسطین پر اسرائیل قابض ہوتا جا رہا ہے اور ان پر ظلم وستم ڈھا رہا ہے جبکہ اقوام متحدہ خاموش تماشائی بنا ہوا ہے۔

## ملک محمد ریحان ایڈووکیٹ کی بطور نمبردار تقرری پر مبارکباد

**فلاحِ عامہ اور عوامی مسائل کے حل کے لیے خلوصِ نیت سے خدمات انجام دیں گے**

کوٹلی لوہاراں (انور سجاد نمائندہ خصوصی قوت) ڈسٹرکٹ کلکٹر سیالکوٹ کی جانب سے موضع ہموں گکھڑ، تحصیل سیالکوٹ کے لیے ملک محمد ریحان ایڈووکیٹ کو بطور نمبردار مقرر کیے جانے پر اہل علاقہ اور معززین حلقہ کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی گئی ہے۔عوامی حلقوں نے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ ملک محمد ریحان ایڈووکیٹ اپنے چچا حاجی ملک محمد انور مرحوم (سابق کونسلر ونمبردار) کی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے دیہی ترقی، فلاحِ عامہ اور عوامی مسائل کے حل کے لیے خلوصِ نیت سے خدمات انجام دیں گے۔عوامی پریس کلب کے جنرل سیکرٹری سلمان منیر؛ سیکرٹری اطلاعات چوہدری محسن علی ؛فنانس سیکرٹری نمائندہ قوت انور سجاد شیخ نے دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔اور امید ظاہر کی ہے کہ ایڈووکیٹ محمد ریحان اپنے فرائض کو بخوبی سرانجام دیں گے۔



## شراب کشید کرنے والی فیکٹریوں کی نشاندہی کرنا صحافی کے لیے مہنگا پڑ گیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد کے علاقہ جناح چوک کے قریب شراب کشید کرنے والی فیکٹریوں کی نشاندہی کرنا صحافی کے لیے مہنگا پڑ گیا۔تفصی

# ''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت لاہور

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں لیکن اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کی صورت میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مفلوک الحال والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

**042-3636003**



**قیمت** | **تجربات** | **1**

کم از کم 12 ایکڑ سے زائد رقبہ والے فارمز کو ترجیح دی جائے گی۔ ہمارے ساتھ کام کرنے والے فارمز کو ہر ماہ باقاعدگی سے ادائیگی ک

# موسو ن بارشوں، تغیانی اور موسمی صورتحال کے پیش نظر دفعہ 144 نافذ

پنجاب بھر کے ڈیموں، دریاؤں، نہروں، نالوں اور جھیلوں میں پانی کی سطح بلند ہے اور ایسی صورتحال میں تیراکی و کشتی رانی انسانی زندگی کیلئے انتہائی خطرناک ہے

گلیوں، سڑکوں، کھلی جگہوں یا عوامی مقامات پر بارش کے جمع شدہ پانی میں نہانے پر دفعہ 144 نافذ، پابندیوں کا اطلاق 30 اگست تک ہوگا: ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب

لاہور (خبر نگار) سیکرٹری داخلہ پنجاب نے مون سون بارشوں، تغیانی اور موسمی صورتحال کے پیش نظر پنجاب بھر میں دفعہ 144 نافذ کر دی ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق صوبہ بھر میں ڈیموں، دریاؤں، نہروں، نالوں اور جھیلوں میں ہر قسم کی تیراکی اور کشتی رانی پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ اسی طرح گلیوں، سڑکوں، کھلی جگہوں یا عوامی مقامات پر بارش کے جمع شدہ پانی میں نہانے پر بھی دفعہ 144 نافذ کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق دفعہ 144 کے تحت تمام پابندیوں کا اطلاق 30 اگست تک ہوگا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے جاری کردہ بیان میں کہا کہ پابندی موجودہ موسمی حالات کے تناظر میں لگائی گئی ہے۔ (تفصیلی خبر 5 پر)



وزیر صنعت وتجارت پنجاب چوہدری شافع حسین اور ٹیکسٹائل سیکٹر سے وابستہ بیرون کی کمپنی کے نمائندگان وزیراعظم پورٹل پر رجسٹریشن کروا رہے ہیں

# پنجاب کے سپیشل اکنامک زونز ملک کی معاشی ترقی کے انجن ہیں، وزیر صنعت و تجارت

چیئرمین پیڈک جاوید اقبال نے صوبائی وزیر کے ہمراہ آنے والے وفد کو صنعتی انفراسٹرکچر اور گارمنٹ سٹی پر بریفنگ دی

پنجاب میں سرمایہ کاری پر ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کو خصوصی مراعات حاصل ہیں، چوہدری شافع حسین

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے ٹیکسٹائل سیکٹر سے وابستہ بیرون کی کمپنی کے وفد کے ہمراہ وزیراعظم پورٹل پر پیشرفت بارے بریفنگ دی۔ جاوید اقبال نے صنعتی انفراسٹرکچر اور گارمنٹ سٹی پر پیش رفت بارے بریفنگ دی۔ چیئرمین پیڈک نے بتایا کہ پنجاب میں 3 سپیشل اکنامک زونز قائم کیے جا رہے ہیں جن میں سے 2 زونز کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ پیڈک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر نے بتایا کہ پارک شیخوپورہ کا دورہ کیا۔ یہاں کے سپریم ایجوکیشن ٹیکنالوجی کمپلیکس کی ای ڈی اے کا سمیت دیگر حکام صوبائی وزیر کے ہمراہ تھے۔ چیئرمین پیڈک نے بتایا کہ پارک شیخوپورہ کا دورہ کیا۔ یہاں کے سپریم ایجوکیشن ٹیکنالوجی کمپلیکس کی ای ڈی اے کا سمیت دیگر حکام صوبائی وزیر کے ہمراہ تھے۔ چیئرمین پیڈک نے بتایا کہ پارک شیخوپورہ کا دورہ کیا۔ یہاں کے سپریم ایجوکیشن ٹیکنالوجی کمپلیکس کی ای ڈی اے کا سمیت دیگر حکام صوبائی وزیر کے ہمراہ تھے۔ چیئرمین پیڈک



لاہور: پرنسپل جنرل ہسپتال پروفیسر فاروق فضل پرنسپل کالج آف میڈیسن اینڈ ڈینٹسٹری ڈاکٹر مہوش عروج کے سلور جوبلی رشپ پر کامیاب ورکشاپ کے اختتاف پر شیلڈ پیش کر رہے ہیں

## ڈی آئی خان، 2 گروپوں کے درمیان فائرنگ میں 6 افراد قتل، ایک زخمی

رشتے داروں کا تنازع شدت اختیار کر گیا، پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی

ڈی آئی خان (این این آئی) دھتاخیل کروپوں کے درمیان فائرنگ میں 6 افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق پنیالہ کے علاقے میں 2 مقاب کروپوں کا واٹھ ویرون (اوپن) میں آمنا سامنا ہوگیا، جہاں دوبدو فائرنگ کے نتیجے میں 6 افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہوگیا۔ ایس ایچ او پنیالہ کے مطابق رشتے داروں کا تنازع شدت اختیار کر گیا، جس کے بعد دونوں گروپ ایک دوسرے پر حملہ آور ہوئے۔ جن میں 3 ملزمان بھی شامل ہیں۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

مطابق فریقی رشتے داروں کا تنازع شدت اختیار کر گیا۔ جاں بحق ہونے والوں میں شیب اللہ، فتح اللہ، نجیب اللہ، جلال، وٹید، جہانزیب شامل ہیں۔ ان میں جلال خالف گروپ سے ہے، جبکہ 5 کا تعلق مخالف گروپ سے ہے۔ جن میں 3 ملزمان کے بتائے جاتے ہیں۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

## توشہ خانہ ٹو کیس کی اڈیالہ جیل میں ہونیوالی سماعت منسوخ

توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت (آج) جوڈیشل کمپلیکس اسلام آباد میں ہوگی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) توشہ خانہ ٹو کیس کی اڈیالہ جیل میں ہونے والی سماعت منسوخ ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت اب اڈیالہ جیل کے بجائے جوڈیشل کمپلیکس اسلام آباد میں ہوگی، بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی سماعت آج (جمعہ) جوڈیشل کمپلیکس اسلام آباد میں ہوگی۔ وکیل صفائی خالد یوسف نے بتایا کہ سماعت کے خلاف اپیل دائر کی تھی۔ (تفصیلی خبر 4 پر)

## کراچی: مزاحمت پر دو افراد ڈاکوں کی فائرنگ سے زخمی

رٹیوں کی شناخت 37 سالہ فیضان احمد صدیقی اور 28 سالہ اویس احمد زیدی کے نام سے کی گئی

کراچی (این این آئی) کراچی کے مختلف علاقوں میں ڈاکوؤں نے لوٹ مار کے دوران مزاحمت پر دو افراد کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ملیر رائرس گیٹ کے قریب ڈاکو شکار ہوئے۔ فائرنگ سے ایک شخص ٹانگ پر گولی لگنے سے زخمی ہوگیا جسے فوری طبی امداد کے لیے ابتدائی لیا گیا۔ اس حوالے سے ایس ایچ او اظفار راد منیر نے بتایا کہ متعرب کی شناخت 37 سالہ (تفصیلی خبر 4 پر)



کراچی: سندھ اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین شارکھڑو کی صدارت میں کمیٹی روم میں ہو رہا ہے

## غازی بروتھا منصوبہ زیر التوا، اسلام آباد کو پانی کی فراہمی میں 50 فیصد کمی

حکومت منصوبے کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلانے کیلئے کمپنی کو فائنل نہیں کر سکی، رپورٹ

کے تحت دریائے سندھ سے روزانہ 200 ملین گیلن پانی جڑواں شہروں تک پہنچایا جانا تھا، حکومت اب تک اس منصوبے کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلانے کیلئے کوئی کمپنی کو فائنل نہیں کر سکی، اس منصوبے کے مطابق غازی بروتھا سے سنگھوئی تک پانی پائپ لائن کے ذریعے فراہم کیا جانا تھا مگر منصوبہ شروع نہ ہونے کے سبب پانی کی شدید قلت کے باعث اسلام آباد کے کئی سیکٹرز میں شہریوں کو ٹینکر زکے ذریعے پانی فراہم کیا جا رہا ہے۔

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں پانی کی شدید قلت کے باعث شہریوں کیلئے فراہمی آب میں پچاس فیصد کمی واقع ہوگئی، ذرائع کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں اس وقت یومیہ 120 ملین گیلن پانی کی ضرورت ہے جبکہ 65 سے 80 ملین گیلن پانی میسر ہے، اس کے باوجود غازی بروتھا واٹر سپلائی منصوبہ 20 سال گزرنے کے باوجود شروع نہیں ہو سکا۔ رپورٹ کے مطابق غازی بروتھا واٹر سپلائی منصوبے کے تحت 3 پمپنگ اسٹیشنز بھگوال برادری کے 5 افراد کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق نواب شاہ شہر اور سرداری کے درمیان کچا سوری کے مقام پر بھگوال برادری سے تعلق رکھنے والے 5 افراد کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق نواب شاہ سے سکھر جانے والی مسافر کوچ پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کی۔ جس کے نتیجے میں 5 افراد جاں بحق ہوئے۔ جاں بحق ہونے والوں میں 3 بچے بھی شامل ہیں۔ ایس ایچ او نواب شاہ سٹی نے بتایا کہ واقعہ کی ایف آئی آر درج کر لی گئی ہے۔ (تفصیلی خبر 4 پر)

## متحدہ عرب امارات سے 5 مطلوب اشتہاری گرفتاری کے بعد پاکستان منتقل

اسلام آباد (این این آئی) متحدہ عرب امارات سے 5 مطلوب اشتہاریوں کو گرفتار کر کے پاکستان منتقل کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق بیرون ملک فرار اشتہاریوں کے خلاف ایف آئی اے کی کامیاب آپریشن جاری ہے، اس دوران پیشل آپریشن سیل نے متحدہ عرب امارات سے 5 مطلوب اشتہاریوں کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کی ڈی ٹیل اور ان کے خلاف مقدمات میں مطلوب تھے۔ گرفتار ملزمان میں قتل کے مقدمے میں سیالکوٹ پولیس کو مطلوب اشتہاری محمد جمیل بھی شامل ہے۔ علاوہ ازیں ناروال پولیس کو قتل کے مقدمے میں مطلوب گل باز خان کو بھی گرفتار کر لیا گیا

## لاہور پولیس نے سندھ کو مطلوب اشتہاری دہشتگرد گرفتار کر لیا

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سندھ پولیس کو مطلوب دہشتگردوں کے سہولت کار اور اشتہاری ملزم عبدالرحمٰن کو گرفتار کر لیا۔ ملزم اسکواڈ کی کارروائی کے دوران ملزم گلشن راوی کے علاقے سے حراست میں لیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ملزم صدیق کے خلاف چوہدری اسلم قتل دہشتگردی کی مدد، سہولت کاری اور فنڈنگ میں معاونت کا مقدمہ قائم گلشن اقبال ایسٹ میں درج کیا گیا تھا۔

## نواب شاہ میں پرانی دشمنی پر 3 سگے بھائیوں سمیت 5 افراد کو قتل کر دیا گیا

واقعہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ لگتا ہے، مقدمہ درج، تحقیقات کر رہے ہیں، متوفیوں کا تعلق بھگوار برادری سے ہے، ایس ایس پی نواب شاہ

نواب شاہ (این این آئی) نواب شاہ کے قدیمی سیکھن کی حدود کچا سوری کے قریب پرانی دشمنی پر 3 سگے بھائیوں سمیت بھگوار برادری کے 5 افراد کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق نواب شاہ سے سکھر جانے والی مسافر کوچ پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کی۔ جس کے نتیجے میں 5 افراد جاں بحق ہوئے۔ جاں بحق ہونے والوں میں 3 بچے بھی شامل ہیں۔ ایس ایچ او نواب شاہ سٹی نے بتایا کہ واقعہ کی ایف آئی آر درج کر لی گئی ہے۔ (تفصیلی خبر 4 پر)

## اسلام آباد: بنی تعمیر شدہ ای الیون فلائی اوور پر بارش کے بعد دراڑیں پڑ گئیں

اسلام آباد (این این آئی) دارالحکومت میں ای الیون فلائی اوور کی ایک سائیڈ کی سڑک پر گہری دراڑیں پڑ گئیں، جس سے پل کی پائیداری اور معیار پر شدید سوالات اور تشویش نے جنم لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق متعلقہ انتظامیہ نے دراڑیں چھپانے کیلئے مٹی ڈال کر عارضی مرمت مکمل شروع کر دی۔

## راولپنڈی، پانچ بچوں کی ماں کے قتل کے الزام میں شوہر اور دیور گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے علاقہ رواٹ میں غیرت کے نام پر پانچ بچوں کی ماں کو سہیلہ طور پر شوہر اور دیور نے سر پر ڈنڈے مار کر قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق متقتول کے بھائی ذاہد حسین کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے خاتون کے قتل میں ملوث شوہر اور دیور کو گرفتار کر لیا گیا۔ ابتدائی تفتیش میں انکشاف ہوا کہ ملزمان نے دو روز قبل خاتون کو قتل کرنے کے بعد اس کی لاش گھر سے تین کلومیٹر دور ایک نالے میں پھینکی تھی۔ (تفصیلی خبر 4 پر)



ناروال: سیالکوٹ بھالک پر نالکی آب کے لیے پائپ لائن بچھائی جا رہی ہے

## کراچی میں اندھی گولیاں موت بانٹنے لگیں، نامعلوم سمت سے آنے والی گولی 11 سالہ بچی کی جان لے گئی

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں نامعلوم سمت سے چلنے والی گولیاں موت کا سبب بننے لگیں اور ڈیڑھ ماہ میں چوتھی بڑی شکار بچی بنی ہے۔ تفصیلات کے مطابق شہر قائد میں نامعلوم سمت سے چلنے والی گولیاں موت بانٹنے لگیں۔ پولیس افسران کی عدم دلچسپی نے شہریوں کی زندگیوں کو دوبارہ خطرے سے دوچار کر دیا۔ سانحہ ایمپریس مارکیٹ میں 7 سالہ حمنہ کے قتل کے بعد کسی بچی زینبی کی باری لگی، ڈیڑھ ماہ کے دوران نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 4 معصوم شہری جاں بحق ہوئے۔ (تفصیلی خبر 4 پر)

## پی آئی اے پروازوں کی بحالی، تارکین وطن میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

4 ماہ 17 دن کے بعد پہلی پرواز کراچی سے ابوظہبی روانہ ہوگی، ایئر لائنز کو پروازوں کیلئے یومیہ کی ادائیگی کی شرط

اسلام آباد (این این آئی) پی آئی اے کی پروازوں کی بحالی پر تارکین وطن میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ رپورٹ کے مطابق حکومت کی طرف سے عائد کردہ پابندیاں طویل عرصہ عدم تحفظ کی وجہ بنی تھیں۔ سابق وزیراعظم عمران خان کے دور حکومت میں کراچی طیارہ حادثہ کے بعد 2020 میں پی آئی اے پر وزیر ہوابازی چوہدری غلام سرور کی طرف سے ایک تباہی طرف پروازوں پر عائد پابندی اٹھائی گئی تھی

## گورنر سندھ کا صابری خاندان سے اظہار تعزیت

پاکستان کے ریاستی ادارے اور عوام خاموش نہیں رہیں گے

ڈاکٹر فاروق ستار بھی تھے۔ اس موقع پر گورنر سندھ نے غمخواری کا یقین دلایا۔ گورنر سندھ کامران ٹیسوری ساتھ ہی صابری خاندان کے دیگر افراد سے بھی ملے۔ ڈاکٹر فاروق ستار بھی تھے۔ اس موقع پر گورنر سندھ نے واقعے کو بزدلانہ دہشتگردی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہمارے معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا گیا، ہم اس کا بدلہ لیں گے، ہم نے بھارت کو دھول (تفصیلی خبر 39 پر)



## جموں وکشمیر کا تنازع پاک بھارت کشیدگی کا مرکزی مسئلہ ہے، ڈاکٹر فیصل

پاکستانی ہائی کمشنر کی آئی دسائل کو بتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی بھارتی کوششوں کی مذمت

لندن (این این آئی) برطانیہ میں پاکستانی ہائی کمشنر ڈاکٹر فیصل نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر کا تنازع پاک بھارت کشیدگی کا مرکزی مسئلہ ہے۔ ڈاکٹر محمد فیصل نے ان خیالات کا اظہار یونیورسٹی آف ڈنگھم میں سینئر فارسیکورٹی ایڈوائزی بورڈ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے واضح طور پر اس واقع کی مذمت کی اور ایک آزاد بین الاقوامی تحقیقات کی پیشکش کی تاہم، بھارت نے بے بنیاد الزامات لگائے، یکطرفہ کارروائیوں جیسے سندھ طاس معاہدہ کی معطلی، اور بلا اشتعال فوجی جارحیت سے جواب دیا۔ پاکستان نے واضح طور پر اس واقع کی مذمت کی اور ایک آزاد بین الاقوامی تحقیقات کی پیشکش کی تاہم، بھارت نے بے بنیاد الزامات لگائے

لندن (این این آئی) برطانیہ میں پاکستانی ہائی کمشنر ڈاکٹر فیصل نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر کا تنازع پاک بھارت کشیدگی کا مرکزی مسئلہ ہے۔ ڈاکٹر محمد فیصل نے ان خیالات کا اظہار یونیورسٹی آف ڈنگھم میں سینئر فارسیکورٹی ایڈوائزی بورڈ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے واضح طور پر اس واقع کی مذمت کی اور ایک آزاد بین الاقوامی تحقیقات کی پیشکش کی تاہم، بھارت نے بے بنیاد الزامات لگائے، یکطرفہ کارروائیوں جیسے سندھ طاس معاہدہ کی معطلی، اور بلا اشتعال فوجی جارحیت سے جواب دیا۔ 22 اپریل 2025 کے پہلگام واقعے کی طرف توجہ مبذول کروائی، جس میں 26 سیاحوں کی موت واقع ہوئی۔ پاکی کشمنر نے کہا کہ پاکستان نے واضح طور پر اس واقع کی مذمت کی اور ایک آزاد بین الاقوامی تحقیقات کی پیشکش کی تاہم، بھارت نے بے بنیاد الزامات لگائے۔ (تفصیلی خبر 4 پر)

## پیٹرول کی قیمت نہ بڑھانے تو آئی ایم ایف سے مسئلہ بنتا ہے، بلاول پرویز ملک

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم بلاول پرویز ملک نے کہا ہے کہ اگر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں نہ بڑھاتے تو آئی ایم ایف کے ساتھ مسئلہ بن جاتا۔ بلاول نے پی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر پیٹرولیم نے کہا کہ روپے کے مقابلے ڈالر کی قیمت بھی دو روپے بڑھ گئی جس کی وجہ سے پٹرول کی قیمت میں اضافہ کرنا پڑا۔ بلاول پرویز ملک نے کہا کہ عوام کو تکلیف کا پورا طرح احساس ہے۔

## اسلام آباد، شدید بارش کے باعث فلائٹ شیڈول متاثر، کئی پروازوں کی متبادل شہروں میں لینڈنگ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے دارالحکومت میں شدید بارشوں کے سبب فلائٹ آپریشن متاثر ہوا جس کے نتیجے میں متعدد فلائٹس متبادل شہروں میں اتارنا پڑ گئیں۔ رپورٹ کے مطابق دوحہ سے اسلام آباد آنیوالی ایئر لائن کی پرواز فلائٹ نمبر 353 کو سیالکوٹ موڑنا پڑا۔ قطری ایئر لائن کی انجمن سے اسلام آباد کی پرواز کی سیالکوٹ میں لینڈنگ کروائی گئی۔ سعودی عرب کے شہر ریاض سے اسلام آباد کی نجی ایئر لائن کی پرواز کی اسلام آباد کے بجائے لیصل آباد میں لینڈنگ کروائی گئی۔ اسلام آباد سے لندن، دبئی، دوحہ، ابوظہبی کو جانے والی پروازوں کی روانگی متاثر ہوئی۔

## نواب شاہ میں فائرنگ سے 5 افراد جاں بحق

نواب شاہ (این این آئی) نواب شاہ کے علاقے کچا سوری کے قریب فائرنگ سے 5 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس نے بتایا کہ فائرنگ کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی۔ ہے تاہم تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے واقعے میں جاں بحق ہونے والے افراد کی لاشوں کو میتال منتقل کر دیا گیا۔

## ایس پی موبائلز ارسلان زاہد کی زیر صدارت اجلاس

داخلی وخارجی راستوں کی نگرانی، ناکہ بندی کیمرہ اور شہریوں سے حسن سلوک یقینی بنانے کی ہدایت

لاہور (نیوز ایون این) ایس پی موبائلز ارسلان زاہد کی زیر صدارت ناکہ جات سے متعلق خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈی ایس پیز موبائلز سکواڈ اور ناکہ انچارجز نے شرکت کی۔ اجلاس میں داخلی و خارجی راستوں کی سکیورٹی، ناکوں پر موجود اہلکاروں کی کارکردگی اور شہریوں سے رویے کے حوالے سے تفصیلی غور خیال کیا گیا۔ ایس پی موبائلز نے افسران کو ہدایت کی کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی کو یقینی بنائیں اور ناکہ بندی کے دوران شہریوں سے رویے کے حوالے سے خصوصی ہدایات جاری کریں۔ شہریوں کے ساتھ شائستہ رویہ اپنایا جائے اور شہریوں سے موبائلز کے اہلکاران کے رویے کے حوالے سے جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ غفلت یا لاپرواہی پر



لاہور: امراد بی بینک میں تعمیر وبحالی کے موقع پر چیئرمین امراد مضی احمد آئی کنٹرولر ایگزیکٹو قمر تجمل وودیگر گروپ فوٹو

## بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میں جعلی اسناد بنانے کا انکشاف

پرنسپل کوالٹی کنٹرول احمد زئی کو اراضی سمیت بانی اہلکاروں، طالب علم سعید احمد کو مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا گیا، بنجوا اور دیگر کی تلاش

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میں جعلی اسناد بنانے اور ریکارڈ ٹیمپر کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل انٹی کرپشن بلوچستان عبدالواحد کاکڑ نے تحقیقاتی ٹیم تشکیل دی تھی۔ ٹیم نے سائنٹفک طریقہ کار اپناتے ہوئے تحقیقات کیں۔ (تفصیلی خبر 34 پر)

## وفاقی وزیر جام کمال کی برطانوی وزیر ہاؤسنگ لارڈ واجد خان سے ملاقات

بلدیاتی اداروں اور مقامی کونسلز کے درمیان شراکت داری پر اتفاق

لندن (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے اپنے سرکاری دورہ برطانیہ کے دوران برطانوی وزیر ہاؤسنگ ومقامی حکومت لارڈ واجد خان سے ملاقات کی۔ اس موقع پر برطانیہ میں پاکستانی ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پاکستان اور برطانیہ کے درمیان (تفصیلی خبر 3 پر)



لاہور: بارکس ایشیا فائی گنج اتھارٹی لاہور کا فیلڈ سٹاف کے ریجنے فیلڈ سٹاف کی حاضری ریکارڈ کر رہا ہے

## بھارت نے بے بنیاد الزامات لگائے، کیٹھرکہ کارروائیوں سے سندھ طاس معاہدہ کی معطلی، اور بلا اشتعال فوجی جارحیت سے جواب دیا، پاکستان نے واضح طور پر اس واقع کی مذمت کی اور ایک آزاد بین الاقوامی تحقیقات کی پیشکش کی تاہم، بھارت نے بے بنیاد الزامات لگائے

لندن (این این آئی) برطانیہ میں پاکستانی ہائی کمشنر ڈاکٹر فیصل نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر کا تنازع پاک بھارت کشیدگی کا مرکزی مسئلہ ہے۔ ڈاکٹر محمد فیصل نے ان خیالات کا اظہار یونیورسٹی آف ڈنگھم میں سینئر فارسیکورٹی ایڈوائزی بورڈ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے واضح طور پر اس واقع کی مذمت کی اور ایک آزاد بین الاقوامی تحقیقات کی پیشکش کی تاہم، بھارت نے بے بنیاد الزامات لگائے۔ (تفصیلی خبر 4 پر)

## 19 جولائی کو کراچی میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان

19 جولائی کو ہیر پور خاص، حیدرآباد، ٹنڈو محمد خان، ساگھر، بدین، ٹھٹھہ، سجاول اضلاع میں بھی بارش کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

کراچی (این این آئی) محکمہ موسمیات ارلی وارننگ سینٹر نے کہا ہے کہ 19 جولائی کو کراچی میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات ارلی وارننگ سینٹر نے اپنے بیان میں کہا کہ آج اور کل (جمعہ اور ہفتہ) موسم جزوی طور پر ابر آلود اور موسم مرطوب رہنے کی توقع ہے، کراچی کا زیادہ سے زیادہ پارہ 34 تا 36 ڈگری کے درمیان رہے گا۔

## ڈیزل مہنگا ہوتے ہی ریلوے نے کرایوں میں ایک بار پھر اضافہ

ریلوے نے مسافر اور گڈز کرایوں میں مزید 2 فیصد، کول ٹرانسپورٹیشن میں 3 فیصد اضافہ کر دیا

لاہور (نیوز ایون این) ڈیزل نرخوں میں اضافے کے اثرات ایک بار پھر عوام پر ڈال دیے گئے ہیں۔ پاکستان ریلوے نے مسافر اور گڈز کرایوں میں مزید 2 فیصد اضافہ کر دیا ہے جبکہ کول ٹرانسپورٹیشن کرایوں میں بھی 3 فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ ریلوے ذرائع کے مطابق مسافر کرایوں میں اضافے کا اطلاق 18 جولائی سے ہو گا جبکہ گڈز کرایوں میں (تفصیلی خبر 7 پر)

## ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کی خلاف ورزی پر سخت کارروائیاں، لاکھوں چالان جاری

ٹریفک قوانین کی پاسداری عوامی تحفظ کی ضامن ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت کارروائیاں جاری

لاہور (نیوز ایون این) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق ٹریفک قوانین کی پاسداری یقینی بنانے کے لیے صوبہ بھر میں ڈی ٹی او ٹریفک محمد وقاص نذیر کی ہدایت پر سخت کارروائیاں جاری ہیں۔ ترجمان کے مطابق رواں سال ہیلمٹ نہ پہننے پر 4 لاکھ 82 ہزار سے زائد شہریوں کو چالان بک جاری کیے گئے۔ صرف لاہور میں ہی ایک لاکھ 20 ہزار سے زائد موٹر سائیکل سواروں کو ہیلمٹ کی خلاف ورزی پر چالان کیا گیا۔

## مون سون بارشوں سے آبی ذخائر بڑھ گئے، قابل استعمال ذخیرہ 83 لاکھ ایکڑ فٹ تک پہنچ گیا

اسلام آباد (این این آئی) مون سون بارشوں سے آبی ذخائر بڑھ گئے جبکہ قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 83 لاکھ ایکڑ فٹ تک پہنچ گیا۔ ترجمان ارسا کے مطابق تربیلا ڈیم میں پانی کی سطح مسلسل بلند ہونے کے باعث سطح ڈیڈ کھول دیے گئے۔ ترجمان ارسا کے مطابق منگلا ڈیم میں پانی کی سطح 1186 فٹ تک پہنچ گئی جبکہ 1242 فٹ پر ڈیم بھر جاتا ہے۔



## آباد کے متاثرہ علاقے چاندھوں والا کا دورہ کیا۔ اس موقع پر عوامی آواز کے نمائندگان عبدالعزیز عابد، اور شاہد وحید ملک، سیکرٹری اطلاعات عبدالعزیز عابد، اور دیگر معززین بھی موجود تھے۔ اہل (تفصیلی خبر 46 پر)



لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری مون سون بارشوں کے بعد بنا حال سڑکوں اور نکاسی آب کا جائزہ لے رہے ہیں

## مون سون بارشوں سے نمٹنے کیلئے ریسکیو سروس کی تیاریاں مکمل، 1122 کی 1500 ٹیمیں تعینات ہوں گی

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی لاہور کی پبلک ایڈ کمیٹی کے سربراہ امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کی قیادت میں وفد نے مون سون بارشوں کے پیش نظر تیاریوں کا جائزہ لیا۔ وفد نے ڈی جی ریسکیو سروس 1122 ڈاکٹر احتشام الحق امین سے ملاقات کی۔ ڈی جی ریسکیو سروس 1122 ڈاکٹر احتشام الحق امین نے وفد کو بریفنگ دی۔ (تفصیلی خبر 4 پر)


## اعلان تقرری



ABC CERTIFIED

ہفت روزہ عوامی فورم قوت

شہباز حنیف

نمائندہ قوت شیخوپورہ

0304-6703005

مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری وغیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

ادارہ